امامیہ ڈائریکٹری 2001ء
تالیف و تحقیق: سید محمد ثقلین کاظمی
ناشر
ادارہ منہاج الصالحین، ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور

بسم الله الرحمن الرحيم

امامیہ ڈائریکٹری 2001

تالیف و تحقیق

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ لاہور فون 5425372

نام کتاب .... امامیہ ڈائریکٹری 2001

تالیف .... سید محمد ثقلین کاظمی

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

☎ 5425372

طبع اول .... جولائی 2001ء

تعداد 1000

قیمت .... 350 روپے

ملنے کا پتہ

ادارہ منہاج الصالحین جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ لاہور فون 5425372

شمالی علاقہ جات (فانا)

امامیہ ڈائریکٹری حصہ دوم

(ضلع اسلام آباد اور ضلع راولپنڈی کی امامیہ مساجد، امام بارگاہیں، مزارات، مدارس دینیہ، مقامی عشرہ ہائے مجالس، مقررین، ذاکرین، خواتین ذاکرہ، شعرائے کرام، مرثیہ خواں/سوزخواں/نوحہ خواں/سلام گذار، اہم ذاتی لائبریریاں اور دیگر متفرقات)

ضلع اسلام آباد

☆ مساجد، امام بارگاہیں، مزارات اور مدارس دینیہ

تقریظ

از: علامہ حافظ سید ریاض حسین نجفی پرنسپل: حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر۔لاہور

ایک مفید تحقیقی کاوش

نظم امور کا قیمتی قاعدہ کلیہ اسلام کی الہی تعلیمات کے فیوض و برکات میں سے ہے۔کسی بھی عنوان وموضوع کے متعلق بنیادی معلومات اور ضروری اعداد وشمار،نظم امور کا ابتدائی مرحلہ خیال کئے جاتے ہیں۔ترقی یافتہ قوموں اور حکومتوں کی کامیابیوں میں اعداد وشمار کی اہمیت بنیادی حیثیت کی حامل ہوتی ہے۔انہی اعداد وشمار کی بنیاد پر حکومتیں اپنے ترقیاتی منصوبے بناتی ہیں۔کامیابی وترقی کا یہ اہم ترین راز مولائے کائنات امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے اپنے مشہور فرمان میں ذکر فرمایا ہے۔جس میں آپؑ نے تقوائے الہی کے ساتھ نظم امور کی وصیت فرمائی ہے۔

ایک چھوٹے سے کنبے یا ادارے سے لے کر وسیع وعریض حکومت کی کامیابی وترقی کے لئے بنیادی اعداد وشمار کا حصول انتہائی لازم ہوتا ہے جن کی بنیاد پر مطلوبہ اہداف کے حصول کے لئے اقدامات تجویز کئے جاتے ہیں اور ترقیاتی منصوبے ترتیب دیئے جاتے ہیں۔

اس آزمودہ مسلمہ اصول کی روشنی میں لازم تھا کہ ملت جعفریہ پاکستان کی ترقی وکامیابی کے لئے بھی مختلف موضوعات وعناوین کے تحت بنیادی اعداد وشمار مرتب کئے جاتے جن کی بنیاد پر ملی ضروریات وترجیحات کا تعین کیا جاتا اور ان اہداف کے حصول کے لئے منصوبہ سازی کی جاتی۔اس ضمن میں اہم ترین کام شیعہ آبادی کا شمار ہے۔دنیاوی ترقی کے لئے ادارے ومراکز یعنی سکول، کالج، کارخانوں وغیرہ کی تعداد تو حکومتی ذرائع بتاتے ہیں مگر مراکز دینی یعنی مساجد،مدارس دینیہ،امام بارگاہوں کی تعداد کے بارے میں ذرائع جامع معلومات نہیں رکھتے۔اگر ان مراکز کی تعداد معلوم ہو جائے تو ملت کی دینی ضروریات کی تکمیل کے لئے مناسب منصوبہ بندی کی جاسکتی ہے۔

مندرجہ بالا سطور ایک وسیع وعریض موضوع کی طرف محض اشارہ ہیں جس کی وضاحت الگ سے ایک تفصیلی گفتگو کی متقاضی ہے۔یہ اشارہ اس لئے کیا گیا ہے کہ جناب مستطاب مولانا سید محمد ثقلین کاظمی کی زیر نظر کتاب اسی اسلوبِ انداز کی حامل ہے۔

جناب کاظمی صاحب قومی حلقوں میں ایک جانی پہچانی شخصیت ہیں جنہوں نے سرکاری ملازمت کے دوران بھی حتی المقدور قومی خدمات انجام دیں اور سرکاری فرائض سے فارغ ہونے کے بعد اب مختلف حوالوں سے کل وقتی ملی خدمات

کی انجام دہی میں مشغول ہیں۔ ملت جعفریہ پاکستان کی مختلف شعبوں میں ترقی و کامیابی کے لئے مختلف ادوار میں مختلف تنظیمیں و شخصیات اپنے تئیں کوشاں رہی ہیں۔ ان میں سے بعض بزرگان کے کارہائے نمایاں بلاشبہ تاریخی و ملت ساز کہے جاسکتے ہیں۔ ان خدمات و ملی احسانات کا احاطہ ان چند سطور میں ممکن نہیں۔ ملت جعفریہ پاکستان پر بعض حوالوں سے تحقیقی کام کے ضمن میں جناب سید محمد ثقلین کاظمی کی علمی و تحقیقی خدمات اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہیں۔ ''تذکرہ علمائے امامیہ'' موضوع وافادیت کے لحاظ سے ان کی نہایت قابل قدر کاوش ہے۔ یہ اپنی نوعیت کا اہم و منفرد تحقیقی کام اندرون و بیرون ملک علمی و تحقیقی حلقوں میں بے حد سراہا گیا اور اسے تمام اہم لائبریریوں میں بطور حوالے کی کتاب کے رکھا گیا ہے جس سے تشیع پر تحقیق کرنے والے مسلم و غیر مسلم محقق استفادہ کرتے ہیں۔

جناب کاظمی صاحب کا ایک اور اہم علمی تحقیقی کام شیعہ دینی مدارس سے متعلق ہے جس میں انہوں نے کئی سال کی محنت سے تقریباً تین سو سے زائد دینی مدارس کے بارے میں بنیادی معلومات اور مدرسین کرام کے سوانحی خاکے پیش کئے ہیں۔ یہ کتاب تدوین کے آخری مراحل میں ہے۔ امید ہے جلد شائع ہو کر ملت کے افراد اور محققین کے لئے مورد استفادہ ہوگی۔

زیر نظر کتاب کا ذخیرہ معلومات اور حسن ترتیب جناب کاظمی صاحب کی دلسوزی و پر خلوص محنت کا مظہر ہے۔ اس قدر دقیق معلومات کا حصول خاصا کٹھن کام تھا جسے فاضل مؤلف نے نہایت احتیاط و باریک بینی سے پایہ تکمیل تک پہنچایا ہے۔ اس منفرد و جاذب نظر طرز تحقیق میں جہاں مومنین و مومنات کی معلومات میں اضافہ کا سامان ہے اور ان کی دینی ضروریات پوری کرنے میں مدد معاون ہے وہاں اندرون و بیرون ملک قومی تنظیموں اور ملی فکر رکھنے والے افراد و اداروں کے لئے بھی یہ نہایت مفید اور گرانقدر دستاویز ہے جس میں موضوع سے متعلق اہم ترین اعداد و شمار بیان کئے گئے ہیں۔ ان شخصیات و اداروں کو چاہیے کہ ان گراں قدر معلومات کی روشنی میں ان دینی مراکز و دینی شخصیات سے فیضیاب ہونے عوام کو دینی راہنمائی مہیا کرنے اور قومی ترقی کئے لئے دوررس اقدامات تجویز کریں۔ اس کتاب میں کاظمی صاحب نے جس مفید و دلچسپ اسلوب تحقیق کو اپنایا ہے اس کا دائرہ عمل وسیع کرنے کی ضرورت ہے۔ قومی تنظیمیں و دیگر باصلاحیت افراد بھی ان کی تقلید کرسکتے ہیں ورنہ کاظمی صاحب تو اسی میدان کے مرد ہیں۔

اس اظہاریے کی ابتداء میں اعداد و شمار کے حوالے سے ایک نہایت اہم ترین کام کا ذکر کیا گیا تھا جس کی ضرورت کافی عرصہ سے محسوس کی جارہی ہے وہ ہے شیعہ آبادی کا شمار۔ بعض علمی و عوامی مذہبی اداروں نے کافی سال قبل اس ضمن میں ابتدائی اقدامات طے کئے تھے مگر عملاً پیش رفت نہ ہوسکی تھی۔ اس کام کی انجام دہی کے لئے کافی وسائل و مخلص افرادی قوت درکار ہے۔ ایسے کاموں و منصوبوں کے لئے عموماً یہی سمجھا جاتا ہے کہ یہ کام فقط حکومتیں ہی کرسکتی ہیں۔ لیکن

کاظمی صاحب کی صلاحیت، محنت اور کام کا سلیقہ دیکھ کر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان جیسی بلند حوصلہ اور باہمت مخلص شخصیات کی موجودگی میں ایسے کاموں کا انجام دینا زیادہ مشکل نہیں ہوتا۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ قومی تنظیمیں، مخیر افراد اور ادارے مردم شماری جیسے بھاری بھرکم منصوبے کے لئے دامے، درمے، قدمے بھرپور تعاون کریں۔

آخر میں دعا ہے کہ خداوند کریم جناب کاظمی صاحب کی یہ قابل قدر تحقیقی کاوش قبول فرمائے اور انہیں صحت وسلامتی کے ساتھ طولِ عمر عطا فرمائے۔ ان کی علمی، قلمی اور فکری صلاحیتوں میں مزید اضافہ فرمائے۔ آمین۔

حافظ سید ریاض حسین نجفی
پرنسپل
جامعۃ المنتظر۔ لاہور

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم:

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ

حصول علم ہر مسلمان پر واجب ہے

گفتار مقدم

از: علامہ سید رضی جعفر نقوی پرنسپل: جامعۃ النجف - کراچی

قرآن مجید میں خالق دو جہاں نے ان گھروں کی بھی توصیف کی ہے جن میں صبح و شام ذکر خدا ہوتا ہو۔ چنانچہ سورۂ مبارکہ نور (آیت ۳۶ - ۳۸) میں ارشاد قدرت ہے:

فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰہُ اَنْ تُرْفَعَ وَیُذْکَرَ فِیْھَا اسْمُہٗ یُسَبِّحُ لَہٗ فِیْھَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ O رِجَالٌ لَّا تُلْھِیْھِمْ تِجَارَۃٌ وَّلَا بَیْعٌ عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ وَاِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَاءِ الزَّکٰوۃِ یَخَافُوْنَ یَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِیْہِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ O لِیَجْزِیَھُمُ اللّٰہُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَیَزِیْدَھُمْ مِّنْ فَضْلِہٖ وَاللّٰہُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ O

ان گھروں میں جن کو اللہ نے اجازت دی ہے کہ انہیں بلند کیا جائے اور جن میں اللہ کے نام کو یاد کیا جائے، وہاں صبح و شام خداوند عالم کی تسبیح (اور حمد و ثنا) کرتے ہیں، ایسے لوگ جن کو تجارت اور خرید و فروخت ذکر خدا سے، نماز کے قائم کرنے سے اور زکوۃ کے ادا کرنے سے غافل نہیں کرتی۔ (یہ لوگ وہ ہیں جو) اس دن سے ڈرتے ہیں جس دن (بہت سے) دل اور آنکھیں پلٹ جائیں گی۔ (یہ لوگ اس ارادے سے کہ) خداوند عالم انہیں ان کے اعمال کی بہترین جزا دے گا اور اپنے فضل سے مزید عطا فرمائے گا (اللہ کے ذکر میں لگے رہتے ہیں) اور خدا جسے چاہے بے حساب رزق عطا فرماتا ہے۔

بکثرت روایات سے اندازہ ہوتا ہے کہ جن گھروں کو خداوند عالم نے بلند رکھنے کی اجازت دی ہے ان میں افضل ترین گھر وہ ہے جس میں حضرت علیؑ اور جناب سیدہؑ نے زندگی گزاری۔ چنانچہ تفسیر در منثور میں انس بن مالک اور بریدہ سے روایت ہے کہ:

جب حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے آیہ مبارکہ (فی بیوت اذن اللہ) کی تلاوت فرمائی تو ایک شخص نے عرض کی یا حضرت! اس سے کون سے گھر مراد ہیں:

تو حضور اکرمؐ نے فرمایا کہ: انبیاء کے گھر

یہ سن کر ایک صحابی کھڑے ہوئے اور حضرت علیؑ و جناب سیدہؑ کے گھر کی طرف اشارہ کر کے سوال کیا کہ:

کیا یہ گھر بھی ان ہی گھروں میں سے ہے؟

تو حضور اکرمؐ نے فرمایا:

نعم من افاضلھا ہاں (یہ گھر بھی، بلکہ) یہ تو ان کے افضل گھروں میں سے ہے۔

تو حضرت علیؑ و جناب سیدہؑ کا گھر ان تمام گھروں میں افضل ترین قرار پایا جسے اللہ نے بلند رکھنے کی اجازت دی ہے اور قرآن مجید کی یہ

آیت واضح طور سے اعلان کر رہی کہ پروردگار عالم نے کچھ گھروں کو بلند کرنے اور بلند رکھنے کی اجازت دی ہے اور ان گھروں کی یہ خصوصیت قرار دی ہے کہ ان میں صبح وشام ذکر خدا کیا جاتا ہو تسبیح وتقدیس کی صدائیں بلند ہوتی ہوں اور جہاں اہل ایمان اہل بیت طاہرین علیھم السلام کی تعلیمات کے مطابق ذکر خدا کی سعادت بھی حاصل کرتے ہوں۔ اور آیہ مبارکہ کے اس مفہوم میں مساجد وامام بارگاہوں کے علاوہ ایک حد تک وہ تمام دینی مراکز بھی شامل ہو سکتے ہیں جن کی بنیاد ہی ذکر خدا و رسول اور تذکرۂ ائمہ طاہرین علیھم السلام کے لئے رکھی گئی ہو۔

یہ مراکز بحمدہ اس وقت پوری روئے زمین پر ہزاروں نہیں لاکھوں کی تعداد میں ہوں گے جہاں آل محمد کے ماننے والے ان کے فرامین کی نشر واشاعت میں مصروف ہیں۔

قوم کی ممتاز دینی ومذہبی شخصیت عالی جناب مکرم ومحترم الحاج ثقلین کاظمی صاحب دام مجدہ جنہیں پروردگار عالم نے دینی خدمت کا ایک خاص جذبہ ودیعت فرمایا ہے اور جو تصنیف تالیف تبلیغ کاروان حج کی تشکیل سماجی مسائل کے حل بیواؤں اور یتیموں کی امداد شادی بیاہ کے شعبے کی دیکھ بھال مجالس عزا کے انعقاد۔۔۔ اور ان گنت قومی ومذہبی امور میں صبح وشام مصروف رہتے ہیں۔

انہوں نے روز وشب کی محنت شاقہ اور جاں گسل زحمتوں کا سامنا کر کے زیر نظر کتاب مرتب فرمائی ہے جس میں مملکت پاکستان کے طول وعرض میں بکھرے ہوئے ان سینکڑوں دینی مراکز کا تذکرہ ہے جہاں تشنگان علم صبح وشام در اہل بیت پر سر جھکائے رہتے ہیں اور ان علوم ومعارف سے اپنے سینوں کو پر کرتے رہتے ہیں جو ان ہادیان برحق نے عطا فرمائے ہیں۔

میری دعا ہے کہ جس طرح اس کے قبل آپ کی ایک اور علمی خدمت: "**تذکرۂ علمائے امامیہ**" نے انتہائی مقبولیت حاصل کی اور بہت مختصر وقت میں اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہوئے اور قوم وملت کے افراد نے اسے ایک اہم ملی خدمت قرار دیا محترم الحاج سید ثقلین کاظمی صاحب کی یہ خدمت بھی بارگاہ الٰہی اور بارگاہ معصومین علیھم السلام میں شرف قبولیت حاصل کرے۔ اور قوم وملت کے افراد اس کتاب سے زیادہ سے زیادہ فیض یاب بھی ہوں اور ان دینی مراکز کی دامے درمے قدمے سخنے زیادہ سے زیادہ مدد بھی کریں تاکہ یہ ادارے مزید بہتر انداز سے خدمت دین کا فریضہ انجام دے سکیں اور ان کی مساعی جمیلہ سے گھر گھر اور بستی بستی علوم اہل بیت کی روشنی پھیل جائے۔

این دعا از ما واز جملہ جہاں آمین باد

والسلام

احقر رضی جعفر نقوی

(میں گفتار مقدم کے سلسلے میں جناب حجۃ الاسلام علامہ سید رضی جعفر نقوی صاحب کا تہہ دل سے مشکور ہوں اور معذرت خواہ ہوں کے دیر سے موصول ہونے کی وجہ سے یہ اپنے اصلی مقام پہ نہ لگ سکی۔ سید محمد ثقلین کاظمی)

تبصرہ

از: ماسٹر طالب حسین دبنگ شاہی

جناب السید محمد ثقلین کاظمی کی شخصیت مذہبی دینی اور ملی لحاظ سے کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ جناب کاظمی صاحب نے جہاں دینی و مذہبی خدمات سرانجام دیں وہاں زندگی کے دیگر شعبوں میں بھی ملت شیعہ کے لئے گرانقدر کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ زیر نظر کتاب ''امامیہ ڈائریکٹری'' ان کی ملت کے لئے ایک بہت بڑی خدمت شمار کی جانی چاہیے۔ اس کتاب میں پورے پاکستان کی بالعموم اور راولپنڈی واسلام آباد کے اضلاع کی بالخصوص انتہائی جامع ومفید معلومات کو فراہم کیا گیا ہے جو اپنی نوعیت کا پہلا اور منفرد کام ہے۔ امید ہے یہ کتاب ملت کے افراد کے لئے بہت سے دینی مسائل کے حل اور معلومات کے حصول میں ممد ومعاون ثابت ہوگی۔ خداوند سے دعا ہے کہ وہ بحق محمد و آل محمد علیہم السلام کاظمی صاحب کو تادیر سلامت رکھے اور انہیں ملت کے لئے مزید کارہائے نمایاں کرنے کی ہمت وطاقت عطا فرمائے۔ آمین۔

ماسٹر طالب حسین دبنگ شاہی ابن کرم الٰہی

نور پور شاہاں۔ اسلام آباد

علماء

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمَاءُ اِنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ غَفُوْرٌ ٥

(فاطر:۲۸)

بندگان خدا میں سے صاحبان علم ہی (حقیقی معنوں میں) اللہ سے ڈرنے والے ہیں۔ بے شک اللہ زبردست، بہت مغفرت کرنے والا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

امامیہ ڈائریکٹری ۲۰۰۱ پر جنوری ۱۹۹۹ء میں کام شروع کیا گیا جو اڑھائی سال کے عرصے میں دن رات کی محنت کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ۳۰ جون ۲۰۰۱ء کو پایہ تکمیل کو پہنچا۔ اس ڈائریکٹری کے دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصہ اول میں ملک بھر کے امامیہ دینی مدارس، علمائے کرام، مختلف شہروں سے نکلنے والے جرائد، مشہور کتب خانوں اور مرکزی انجمنوں واداروں کا ذکر کیا گیا ہے۔ جبکہ حصہ دوم میں پاکستان کے دو اضلاع اسلام آباد اور راولپنڈی کی مکمل تاریخ عزاداری اور اس متعلقہ معلومات فراہم کی گئیں ہیں۔ اس عنوان پر یہ پہلی کوشش ہے۔

میں نے دونوں شہروں کے مختلف مقامات کا زیادہ تر بذات خود دورہ کیا۔ البتہ چند مقامات کی معلومات مختلف ذرائع سے حاصل کی۔ یہ کام میں نے اپنے تئیں بڑی محنت، خلوص، نیک نیتی اور گروپ بندی سے بالاتر ہو کر کیا ہے۔ پھر بھی اگر کسی معلومات میں کوئی کمی بیشی رہ گئی ہو یا معلومات مکمل طور پر درست نہ ہوں تو میں متعلقہ حضرات سے معذرت چاہتے ہوئے امید رکھوں گا کہ وہ مجھے اس سے آگاہ کریں تاکہ آئندہ اسے درست کیا جاسکے۔ یاد رہے وقت کی کمی کے باعث پنجاب کے ضلع بہاولنگر اور ضلع نارووال کی مکمل معلومات دستیاب نہیں ہوسکیں۔

اس ڈائریکٹری کی تیاری کے سلسلے میں متعلقہ معلومات بہم پہنچانے کے لئے جن حضرات نے میرے ساتھ تعاون کیا ان کی فہرست بہت طویل ہے۔ لیکن پھر بھی چیدہ چیدہ نام تحریر کرتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ پروردگار عالم بطفیل محمد وآل محمد علیہم السلام میرے تمام مخلص احباب کی توفیقات میں اضافہ فرمائے:

ان حضرات میں ضلع اسلام آباد سے:

جناب سید سبط حسن شاہ نمبردار جھنگی سیداں، جناب سید حبیب شاہ، جھنگی سیداں، جناب سید جاوید حسین شاہ کنگوٹہ سیداں، جناب سید علی اقدس شاہ کنگوٹہ سیداں، جناب سید زوار حسین بخاری، جناب سید انوار حسین بخاری، جناب فدا حسین آف حسین آباد، جناب راجہ جواد الحسن، جناب ابوالعمار بلال مہدی، جناب ماسٹر طالب حسین نور پور شاہاں، جناب ذاکر سید الیاس الحسن نقوی، جناب ساجد حسین ملک، چوہدری غلام عباس

ضلع راولپنڈی سے:

جناب میجر سید ریاض حسین شاہ، جناب میجر محمد ریاض، جناب سید مبشر عباس، جناب عترت عباس جعفری واہ، جناب مولانا سید محفوظ الحسنین کاظمی، جناب گل محمد جعفری، جناب اظہر حسین جعفری دولتالہ، جناب سید واجد حسین نقوی میانہ پھمبل، جناب سید متحضر مہدی سید کسراں، جناب سید فرحت حسین شاہ سید کسراں، جناب سید اخلاق حسین کاظمی، جناب غلام رضا جعفری چک بیلی خان، جناب مولانا امیر حسین جعفری ٹیکسلا، جناب سید تبارک حسین جعفری، جناب ماسٹر ملازم حسین، جناب مولانا امیر حسین جعفری کھبہ بڑالہ، شاعر صفدر حسین ڈوگر

اور پاکستان کے دیگر علاقوں سے:

جناب سید انجم اصغر نقوی ملتان، جناب مولانا قاضی شبیر حسین علوی ملتان، جناب مولانا غلام شبیر حیدری ملتان، جناب سید احسن مہدی گردیزی ملتان، جناب مولانا محمد علی فاضل راجن پور، جناب مولانا اقبال حسین خان مقصود پوری کوٹ ادو، جناب مولانا سید مختار حسین کاظمی جہلم، جناب مولانا راجہ محسن علی جہلم، جناب مولانا راجہ محمد مظہر علی خان جہلم، جناب مولانا شیخ کرامت علی عمرانی گوجرانولہ، جناب مولانا سید بختیار الحسن سبزواری سیالکوٹ، جناب نصرت عباس شہانی لاہور، جناب مولانا خورشید انور جوادی ہنگو، جناب احمد اقبال نورانی کراچی، جناب مولانا سید رضی جعفری نقوی کراچی، جناب مولانا محمد جمعہ اسدی کوئٹہ ملک ممتاز حسین ایڈووکیٹ سیالکوٹ، ملک عاشق حسین سیالکوٹ، سید ضمیر الحسن کاظمی جھنگ اور جناب مولانا سیف علی نجفی حافظ آباد

شامل ہیں۔

یہ بات ملحوظ خاطر رہے کہ اس ڈائریکٹری کے مسودہ کی تیاری میں تمام تر تحریری کام میرے فرزند سید عمار رضا کاظمی نے کیا۔ آپ انہیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ میں سب سے آخر میں حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ حافظ سید ریاض حسین نجفی پرنسپل جامعۃ المنتظر لاہور کا شکر گزار ہوں جنہوں قدم قدم پر میری حوصلہ افزائی فرمائی اور اس کام کو قومی خدمت قرار دے کر اس کتاب پر اپنی تقریظ بھی تحریر فرمائی۔

سید محمد ثقلین کاظمی ۔ اسلام آباد

۳۰ جون ۲۰۰۱ء

امام علی زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا:

اَنَا ابْنُ مَنْ بَکَتْ عَلَیْہِ مَلَائِکَۃُ السَّمَاءِ ، اَنَا ابْنُ مَنْ نَاحَتْ عَلَیْہِ الْجِنُّ فِی الْاَرْضِ وَ الطَّیْرُ فِی الْھَوَاءِ

(بحار الانوار، ج ۴۵، ص ۱۷۴)

میں اس کا بیٹا ہوں جس پر آسمان کے ملائکہ نے گریہ کیا۔ میں اس کا بیٹا ہوں جس پر زمین پر جنوں نے اور فضا میں پرندوں نے نوحہ و بکاء کیا۔

قولِ معصومؑ
اَللّٰھُمَّ وَاَعْطِنِی السَّعَۃَ
فِی الرِّزْقِ وَالْاَمْنَ فِی الْوَطَنِ
(بحار الانوار جلد ۹۸)
خدایا میرے رزق میں وسعت اور
وطن میں امن عطا فرما۔

ضلع اسلام آباد

(وفاقی ایریا)

مدارس دینیہ

2870300

جامعۃ اہل البیت	ناظم الدین روڈ' F-7/4' اسلام آباد	مولانا شیخ محسن علی نجفی	051-9214000
جامعہ اسدیہ	مرکزی مسجد اثناعشری سیکٹر G-6/2 اسلام آباد	مولانا سید سجاد حسین نقوی	051-2278609
جامعۃ الرضاؑ	محلہ سیداں' بہارہ کہو' مری روڈ' اسلام آباد	مولانا سید حسنین عباس گردیزی	051-2231790
جامعۃ الحجت ابن الحسن العسکریؑ	649' سیکٹر G-10/1' اسلام آباد	مولانا ساجد علی سبحانی۔	051-2214681
کوثر اسلامک یونیورسٹی	168' سیکٹر H-8/2' اسلام آباد	مولانا شیخ محسن علی نجفی	051-4431407
جامعۃ مدینۃ العلم پاکستان	براستہ بہارہ کہو' میرا بیگوال' تحصیل و ضلع اسلام آباد	زیر تعمیر	
جامعۃ الزہراؑ (طالبات)	اسلام آباد	خواہر نصرت زہرا جعفری	051-2256851

علمائے کرام

مولانا احمد حسین نوری	مکان نمبر 17' گلی نمبر 39' سیکٹر G-6/1-3' اسلام آباد	051-2272900
مولانا سید اخلاق حسین کاظمی	خطیب قصر امام موسیٰ کاظمؑ' سیکٹر I-10/1' اسلام آباد	051-4447619
مولانا سید انصاف حسین کاظمی	پنڈ پراچہ' داخلی جھنگی سیداں' تحصیل و ضلع اسلام آباد	051-5464346
مولانا انور علی نجفی	مدرس جامعہ اہل البیت' سیکٹر F-7/4' اسلام آباد	051-9214000
مولانا بشارت حسین امامی	خطیب جامع مسجد خدیجۃ الکبریٰ' ترلائی کلاں' تحصیل و ضلع اسلام آباد	051-2240341
مولانا سید ثاقب اکبر نقوی	اسلام آباد	0300-9555102
مولانا جعفر علی میر	مدرس جامعۃ الحجت' 649' سیکٹر G-10/1' اسلام آباد	051-2214681

نام	پتہ	فون
مولانا شیخ حسن ترابی	خطیب مسجد امام حسنؑ، تھرڈ روڈ، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد	051-2294323
مولانا شیخ حسن علی نجفی	خطیب مسجد و امام بارگاہ کمپلیکس، سیکٹر I-10/4، اسلام آباد	051-4447629
مولانا سید حسنین عباس گردیزی	پرنسپل جامعۃ الرضاؑ، محلہ سیداں، بھارہ کہو، اسلام آباد	051-2231790
مولانا سید حسین عارف نقوی	E/3-3، سٹریٹ 54، سیکٹر F-6/1، اسلام آباد	051-2829402
مولانا سید ذوالفقار حسین نقوی	مکان نمبر 4، گلی نمبر 30، سیکٹر G-6/1-3، اسلام آباد	051-2828219
مولانا شیخ ذوالفقار علی نجفی	خطیب مسجد امام حسینؑ، ماڈل ٹاؤن، ہمک ضمنی، اسلام آباد	
مولانا سید ریاض حسین صفوی	خطیب جامع مسجد علی ابن ابی طالبؑ، محلہ سیداں، بھارہ کہو، اسلام آباد Email: safvi110@hotmail.com , safvi@momin.com	051-2231785
مولانا ساجد علی سبحانی	پرنسپل جامعۃ الحجتؑ، 649، سیکٹر G-10/1، اسلام آباد	051-2214681
مولانا سید سجاد حسین نقوی	خطیب جامع مسجد امامیہ، نور پور شاہاں، تحصیل و ضلع اسلام آباد	051-2872195
مولانا شیخ سلیمان صدرالدین نجفی	خطیب امامیہ مسجد، سٹریٹ 58، سیکٹر G-6/4، اسلام آباد	051-2873985
مولانا قاضی شبیر حسین علوی	محلہ سیداں، بھارہ کہو، تحصیل و ضلع اسلام آباد	0300-9566595
مولانا عاشق حسین	خطیب شیعہ مسجد، حسین آباد، فیڈرل ایریا، تحصیل و ضلع اسلام آباد	
مولانا عظمت علی	مدرس جامعۃ اہل البیتؑ، ناظم الدین روڈ، F-7/4، اسلام آباد	051-9214000
مولانا سید علی اعظم بخاری	مکان نمبر 938، سٹریٹ 27 سیکٹر I-10/4، اسلام آباد	051-4442249
مولانا علی رضا فلاحی	مدرس جامعۃ اہل البیتؑ، ناظم الدین روڈ، F-7/4، اسلام آباد	051-9214000
مولانا سید علی محمد نقوی	مدرس جامعۃ الحجتؑ، 649، سیکٹر G-10/1، اسلام آباد	051-2214681
مولانا غلام عباس نجفی	51/13-A، سیکٹر G-9/2، اسلام آباد	
مولانا سید فرحت عباس ہمدانی	خطیب مسجد علیؑ، کنگوٹہ سیداں، ضلع اسلام آباد	0333-5124812
مولانا سید گفتار حسین صادقی	خطیب جامع مسجد جعفریہ، سیکٹر I-9، اسلام آباد	
مولانا شیخ محسن علی نجفی	پرنسپل جامعۃ اہل البیتؑ، ناظم الدین روڈ، F-7/4، اسلام آباد	051-2272640
مولانا سید محمد ابوالحسن موسوی	بیت الزہراؑ، 494، سٹریٹ 106، سیکٹر I-8/4، اسلام آباد	051-4443094
مولانا قاری محمد ابراہیم مدبری	خطیب مسجد الحجتؑ، سیکٹر F-11/1، اسلام آباد	051-2213158
مولانا محمد اسماعیل نجفی (ملتستانی)	مکان 28-A، سیکٹر G-7/3-4، اسلام آباد	

مولانا محمد اقبال کامرانی	مدرس جامعۃ الحجت' 649' سیکٹر G-10/1' اسلام آباد	051-2214681
مولانا محمد امین شہیدی	اسلام آباد	051-4443731
مولانا محمد ایوب عشتر	خطیب علی مسجد و امام بارگاہ' سیکٹر G-7/2' اسلام آباد	051-2202244
مولانا سید محمد حسنین نقوی	خطیب جھنگی سیداں' تحصیل و ضلع اسلام آباد	051-5471337
مولانا سید محمد سبطین شیرازی	خطیب جامع مسجد اثناعشری' شاہ اللہ دتہ' تحصیل و ضلع اسلام آباد	
مولانا شیخ محمد شفاء نجفی	مدرس جامعۃ اہل البیت' ناظم الدین روڈ' F-7/4' اسلام آباد	051-2272478
مولانا راجہ محمد مظہر علی خان	جامعۃ الرضاؑ' محلہ سیداں' بہارہ کہو' اسلام آباد	051-2231790
مولانا محمد نذیر ناصری	مدرس جامعہ اسدیہ' سیکٹر G-6/2' اسلام آباد	051-2278609
مولانا وقار حیدر فائزی	خطیب جامع مسجد حسینیہ' سیکٹر F-11' اسلام آباد	

رسائل و جرائد

ماہنامہ لسان صدق	دار التبلیغ الجعفریہ' پوسٹ بکس 1525' اسلام آباد	051-4443094
ماہنامہ معصوم	عالمی مجلس اہل بیتؑ پاکستان' پوسٹ بکس 1613' اسلام آباد	051-2272789
سہ ماہی ثقلین	عالمی مجلس اہل بیتؑ پاکستان' پوسٹ بکس 1613' اسلام آباد	051-2270984
سہ ماہی المیزان	پوسٹ بکس 1274' جی پی او' اسلام آباد	051-2273543

مراکز کتب فروشی

اسلامک بک سینٹر (عمار کیسٹ لائبریری)	C-362' گلی 12' سیکٹر G-6/2' اسلام آباد	051-2870105

امامیہ ڈائریکٹری

حصہ دوم

☆ ضلع اسلام آباد / ضلع راولپنڈی کی

★ مساجد

★ امام بارگاہیں

★ مزارات

★ مدارس دینیہ

☆ مقامی عشرہ ہائے مجالس

☆ مقررین گرامی ☆ ذاکرین عظام

☆ خواتین ذاکرہ ☆ شعرائے کرام

☆ مرثیہ خواں/سوزخواں/نوحہ خواں/سلام گذار

☆ ذاتی لائبریریاں ☆ متفرقات

☆☆☆

ضلع اسلام آباد

مساجد' امام بارگاہیں' مزارات اور مدارس دینیہ

اسلام آباد سٹی

۱ سیکٹر E-8 (نیول کمپلیکس)

ماہ رمضان المبارک ۱۹۸۵ء میں ملک غلام حسین اور اے پی شاہین نے مل کر اس سیکٹر کے مومنین کے لئے اجتماعی طور پر قرآن خوانی' حدیث کساء' درس اخلاق اور نماز باجماعت کا ہفتہ وار پروگرام ترتیب دیا اور اس پروگرام میں ان کے ساتھ مقامی مومنین نے مکمل تعاون کیا۔ یہ سلسلہ ہر شب جمعہ مختلف مومنین کے گھروں میں منعقد ہوتا ہے جس میں مؤلف کتاب ھذا کے علاوہ مختلف علمائے کرام خطاب کر چکے ہیں۔ علاوہ ازیں اس سیکٹر میں ہر سال گلی نمبر ۹ کے سامنے پلے گراؤنڈ میں نماز عیدین بھی ادا کی جاتی ہے۔

سیکٹر F-7

جامعۃ اھل البیتؑ

ناظم الدین روڈ، سیکٹر F-7/4، اسلام آباد

پرنسپل: مولانا شیخ محسن علی نجفی 051-9214000

اس دینی درسگاہ کی تاسیس ۱۹۷۴ء میں عمل میں آئی۔ ابتدائی دور میں کچھ عرصے کے لئے اس مدرسہ کا قیام مرکزی امام بارگاہ جی سکس ٹو اسلام آباد میں بھی رہا اور مدرسہ کو اپنی عمارت کی تعمیر کے بعد موجودہ مقام پر منتقل کردیا گیا۔ اس کا باقاعدہ سنگ بنیاد ۱۹۷۵ء میں رکھا گیا۔ اس کے افتتاح کے موقع پر حجۃ الاسلام آقائے سید جمال الدین خوئی مرحوم نجف اشرف سے تشریف لائے تھے۔ اس وقت یہ عمارت جدید تقاضوں کے مطابق بہترین انداز میں تعمیر کی گئی ہے۔ اس مدرسہ سے بہت سے طلباء فارغ التحصیل ہونے کے بعد مزید تعلیم کے لئے حوزہ علمیہ قم ایران جا چکے ہیں۔ اس ادارہ کے پرنسپل جناب علامہ شیخ محسن علی نجفی ہیں۔ جامعہ ھذا کے علاوہ بھی چند دینی مدارس شیخ صاحب قبلہ کی زیر نگرانی میں چل رہے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:

ادارہ	مقام	ادارہ	مقام
۱۔ کلیۃ اہل البیتؑ	چنیوٹ، ضلع جھنگ	۶۔ مرکز اہل بیتؑ	مانسہرہ، صوبہ سرحد
۲۔ مدرسہ مظہر الایمان	ڈھڈیال، تحصیل و ضلع چکوال	۷۔ مدرسہ شمس العلوم	قائم بھروانہ، ضلع جھنگ
۳۔ جامعہ علوم اسلامی	فیصل آباد	۸۔ مدرسہ مدینۃ العلم (طالبات)	خیر پور سندھ
۴۔ مدرسہ مدینۃ العلم	صوبوڈیرو ضلع خیر پور سندھ	۹۔ مدرسہ خدیجۃ الکبریٰ	اسکردو بلتستان
۵۔ مدرسہ المہدیؑ	کراچی	۱۰۔ مؤسسہ اہل بیتؑ	قم، ایران
		۱۱۔ دانشگاہ بتول	چنیوٹ

جابر بن حیان ٹرسٹ

جناب شیخ محسن علی نجفی کی مساعی جمیلہ سے ایک ٹرسٹ بنام ''جابر بن حیان ٹرسٹ'' قائم کیا گیا ہے جس کے تحت اس وقت تک ''اسوہ پبلک سکول'' کے نام سے ۳۷ اعلیٰ معیار کے انگلش میڈیم اسکول ہزاروں فرزندان ملت کو زیور

تعلیم سے آراستہ کرر ہے ہیں۔

ان اسکولوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

اسکول	مقام	اسکول	مقام
۱۔ اسوہ پبلک اسکول	شاہ اللہ دتہ ضلع اسلام آباد	۱۹۔اسوہ پبلک اسکول	جھامرہ، ضلع چکوال
۲۔اسوہ پبلک اسکول	اسکردو	۲۰۔اسوہ پبلک اسکول	پاراچنار
۳۔اسوہ پبلک اسکول (طالبات)	اسکردو	۲۱۔اسوہ پبلک اسکول	لقمان خیل، پاراچنار
۴۔اسوہ پبلک اسکول	کھرمنگ، بلتستان	۲۲۔اسوہ پبلک اسکول	شلوزان، پاراچنار
۵۔اسوہ پبلک اسکول	خپلو، بلتستان	۲۳۔اسوہ پبلک اسکول	کڑمان، پاراچنار
۶۔اسوہ پبلک اسکول	شگر، بلتستان	۲۴۔اسوہ پبلک اسکول	گنج علی زئی، پاراچنار
۷۔اسوہ پبلک اسکول	منٹھوکا، بلتستان	۲۵۔اسوہ پبلک اسکول	شبلان، پاراچنار
۸۔اسوہ پبلک اسکول	طولتی، بلتستان	۲۶۔اسوہ پبلک اسکول	زیڑان، پاراچنار
۹۔اسوہ پبلک اسکول	یلتر، بلتستان	۲۷۔اسوہ پبلک اسکول	لال مائی، پاراچنار
۱۰۔اسوہ پبلک اسکول	کریس، بلتستان	۲۸۔اسوہ پبلک اسکول	بغتی، پاراچنار
۱۱۔اسوہ پبلک اسکول	تھوار، بلتستان	۲۹۔اسوہ پبلک اسکول	پیواڑ، پاراچنار
۱۲۔اسوہ پبلک اسکول	غواڑی، بلتستان	۳۰۔اسوہ پبلک اسکول	احمد زئی، پاراچنار
۱۳۔اسوہ پبلک اسکول	گنیش، ہنزہ، ضلع گلگت	۳۱۔اسوہ پبلک اسکول	ہنگو شہر
۱۴۔اسوہ پبلک اسکول	نگر، ضلع گلگت	۳۲۔اسوہ پبلک اسکول	مرئی ہنگو
۱۵۔اسوہ پبلک اسکول	ہوپر، ضلع گلگت	۳۳۔اسوہ پبلک اسکول	کچھئی ہنگو
۱۶۔اسوہ پبلک اسکول	بھیکر، ضلع گلگت	۳۴۔اسوہ پبلک اسکول	لودھی خیل ہنگو
۱۷۔اسوہ پبلک اسکول	پلیٹ سیداں، ضلع کوٹلی آزاد کشمیر	۳۵۔اسوہ پبلک اسکول	علی زئی ہنگو
۱۸۔اسوہ پبلک اسکول	جبری، ضلع کوٹلی آزاد کشمیر	۳۶۔اسوہ پبلک اسکول	چکر کوٹ ہنگو
		۳۷۔اسوہ پبلک اسکول	صوبوڈیرو، خیر پور سندھ

علاوہ ازیں شیخ صاحب کے مساعی جمیلہ اور دیگر مخیّر مومنین کے مالی تعاون سے ۲۵ مقامات پر انتہائی دیدہ زیب اور خوبصورت مساجد بھی تعمیر کی گئی ہیں۔ ان مساجد کی تعمیر سے مذکورہ علاقوں کے لوگوں کے دینی مسائل کافی حد تک حل

ہوئے ہیں اور قرآن و نماز کی تعلیم کو فروغ حاصل ہوا ہے۔ ان مساجد کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

۱۔ مسجد علیؑ	اسلام آباد	۱۳۔ مسجد الامام الباقرؑ	چواسیدن شاہ، چکوال
۲۔ مسجد امام حسنؑ	اسلام آباد	۱۴۔ مسجد ام البنینؑ	بلکسر، چکوال
۳۔ مسجد الحجت	اسلام آباد	۱۵۔ مسجد امہات المومنین	تلہ گنگ، چکوال
۴۔ مسجد امام حسینؑ	اسلام آباد	۱۶۔ مسجد باقر الصدر	راولپنڈی
۵۔ مسجد امام علی	کنگوٹہ سیداں، اسلام آباد	۱۷۔ مسجد سکینہ بنت الحسینؑ	راولپنڈی
۶۔ مسجد القدس	اسوہ کمپلیکس، اسکردو، بلتستان	۱۸۔ مسجد امامیہ	تتہ پانی، آزاد کشمیر
۷۔ مسجد امام رضاؑ	غواڑی، بلتستان	۱۹۔ مسجد نقویہ	کوٹلی، آزاد کشمیر
۸۔ مسجد معصومینؑ	راعنا، بلتستان	۲۰۔ مسجد امام علی نقیؑ	خیرآباد، مانسہرہ
۹۔ مسجد خدیجۃ الکبریٰ	یلتر، بلتستان	۲۱۔ مسجد اہل بیتؑ	حیدرآباد
۱۰۔ مسجد امامیہ	چنداہ، بلتستان	۲۲۔ مسجد خاتم الانبیاء	چکوال
۱۱۔ مسجد امام صادقؑ	منٹھوکا، بلتستان	۲۳۔ مسجد امام موسیٰ الکاظمؑ	چہان، راولپنڈی
۱۲۔ مسجد امام حسنؑ	جعفرآباد، گلگت	۲۴۔ مسجد امامیہ	ترنوٹ، آزاد کشمیر
		۲۵۔ مسجد امام علیؑ	بھکر

اس سال (۲۰۰۱ء) سے جامعہ اہل البیت میں نماز فجر کے بعد عشرہ محرم الحرام کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔

سیکٹر F-11

جامع مسجد حسینیہ (سخی شاہ مزمل)

مرکز سیکٹر F-11، اسلام آباد

اس مسجد کی CDA سے الاٹ منٹ کے لئے کوششیں جاری ہیں ۔CDA کے ماسٹر پلان کے مطابق ایف الیون میں مساجد کے لئے مختص شدہ پلاٹوں میں F-11 مرکز کا پلاٹ سب سے بڑا ہے جس کا رقبہ ۵ کنال سے کچھ زائد ہے۔ امر واقع یہ ہے سیکٹر ایف الیون میں تعمیر و ترقی کے آغاز پر مساجد کے لئے مخصوص شدہ پلاٹوں پر مختلف مسالک کے سرکردہ افراد نے سی ڈی اے اور محکمہ اوقاف کی پیشگی منظوری کے بغیر اپنی اپنی مساجد کی تعمیر شروع کر دی۔ دریں اثنا

علاقے کے مومنین نے بھی شیعہ مسلک کی مسجد کی تعمیر کے لئے پلاٹ کی الاٹ منٹ کے بارے میں محکمہ اوقاف اور سی ڈی اے میں اپنی درخواستیں جمع کروادیں۔مگران پر کوئی شنوائی نہ ہوئی۔چونکہ دیگر پلاٹوں پر مساجد کی تعمیر کا آغاز ہو چکا تھا اس لئے مومنین نے بھی باقی ماندہ پلاٹ پر اپنی مسجد و مدرسے کی تعمیر کا آغاز کر دیا۔محکمہ اوقاف کی جانب سے اس زیر تعمیر مسجد ومدرسہ کو گرانے کی کوشش بھی کی گئی مگر سی ڈی اے میں چند مومنین افسران کے بے مثال تعاون سے اب اس مسجد کی منظوری آخری مراحل میں ہے اور جلد ہی سی ڈی اے اور محکمہ اوقاف کی حتمی منظوری کے بعد مسجد کی تعمیر پایہ تکمیل کو پہنچ جائے گی۔

اس مسجد میں نماز جمعہ بھی قائم کر دی گئی ہے اور مولانا وقار حیدر رفائزی بطور پیش نماز فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔اس مسجد میں اس سال عشرہ محرم بھی بوقت ۴ بجے شام باقاعدگی سے شروع کر دیا گیا اور گذشتہ برس سے ایف الیون تھری سے ۱۰محرم کو نکلنے والا مرکزی جلوس بھی اسی مسجد سے ہوتا ہوا مزار شاہ مزمل پر اختتام پذیر ہوتا ہے۔

مسجد الحجتؑ

نا ظم الدین روڈ' سیکٹر F-11/1' اسلام آباد

خطیب: مولانا قاری محمد ابراہیم مدبری 051-2213158

اس مسجد کی پہلی تعمیر ۱۹۱۵ء میں بدست جناب غلام حیدر حیدری قریشی انجام پائی بعد میں مولانا شیخ محسن علی نجفی کی زیر قیادت ۱۹۹۸ء میں اس مسجد کی تعمیر نو ہوئی اور اس کا سابقہ نام تبدیل کر کے نیا نام ''مسجد الحجت'' رکھ دیا گیا۔اس مسجد کی تعمیرِ نو کا افتتاح ۴ دسمبر ۱۹۹۸ء کو ایک جلسۂ عام کی صورت میں الحاج علی احمد بیضون نے کیا۔جبکہ تعمیر نو کا حتمی افتتاح ۲۰ جولائی ۲۰۰۰ کو ہوا۔

اس مسجد میں بچوں کو دینیات پڑھانے کا انتظام ہے۔۲۰۰۰ء سے عشرہ محرم الحرام کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ خواتین یہاں پر عرصہ چار سال سے عشرہ محرم منعقد کر رہی ہیں۔اس مسجد کی مجلس منتظمہ میں بریگیڈئر غلام علی' کرنل سید امداد علی کاظمی' سید شبر حسین نقوی اور سید سجاد حسین کاظمی شامل ہیں۔

دربار سید سخی شاہ مزمل بادشاہ کاظمی مشہدیؒ

(بھیکہ سیداں) سیکٹر F-11/3' اسلام آباد

ایک روایت کے مطابق آپ کا اسم سید مقبول حسین شاہ تھا۔لیکن چونکہ آپ سورہ مزمل کی کثرت سے تلاوت کیا کرتے تھے اس لئے مزمل کے نام سے مشہور ہوئے۔آپ بابا سید شاہ دیوان مرحوم کے فرزند اور سید نذر شاہ دیوان کے بھتیجے تھے۔آپ موضع سید سے اس مقام (بھیکہ سیداں) پر تشریف لائے۔آپ کی آمد مغلیہ دور میں بری سرکارؒ سے قبل

اس مقام پر ہوئی۔ آپ کا مزار اسی مقام پر موجود ہے اور آپ کے مزار کے لئے بہت سے حضرات نے زمین وقف کی تھی جن میں سید مہدی شاہ مرحوم کا نام قابل ذکر ہے۔

۱۸۶۰ء کے ریکارڈ کے مطابق آپ کے مزار و دیگر امور کے لئے وقف شدہ زمین ۴۲۶ کنال تھی جبکہ ۱۹۰۵ء کے ریکارڈ کے مطابق یہ زمین ۳۶۷ کنال رہ گئی تھی۔ ۱۹۶۹ء میں حکومت پاکستان نے تمام زمین قانون کے مطابق اپنی تحویل میں لے کر متعلقہ لوگوں کو معاوضہ ادا کر دیا۔ مگر انجمن دربار عالیہ سخی مزمل شاہ کاظمی (رجسٹرڈ) کے عہدیداران کی کوششوں سے CDA نے یہ زمین واگذار کر کے انجمن کی تحویل میں دے دی۔ اس وقت مزار کا رقبہ ۴۱ کنال ۱۰ مرلے ہے۔ بقیہ زمین قبرستان اور دیگر قومی امور کے لئے مختص ہے۔ اس وقت انجمن کے صدر سید زاہد حسین کاظمی تھے۔ اس انجمن کے اراکین کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ یہاں پر مسجد، مدرسہ اور مسافر خانہ بنانے کا تفصیلی پروگرام زیر غور ہے۔

مسجد امام زین العابدینؑ 6

بھیکھ سیداں سیکٹر F-11/4، اسلام آباد

یہ بڑی قدیمی مسجد ہے اور اس کی تعمیر مغلیہ دور میں ہوئی۔ اس کا کل رقبہ ڈیڑھ کنال کے قریب ہے۔ مومنین نے مذہبی رواداری کے جذبہ کے تحت باہمی رضامندی سے یہ مسجد بریلوی مکتبہ فکر کے اہل سنت برادران کو دے دی ہے۔

مسجد جعفریہ 7

(بھیکھ سیداں) سیکٹر F-11/4، اسلام آباد

اس مسجد کی بنیاد سید امیر علی شاہ مرحوم نے رکھی۔ اس کی تعمیر ۱۸۸۵ء میں ہوئی۔ اس مسجد کا رقبہ تقریباً ۸ مرلے کے لگ بھگ ہے۔

امام بارگاہ بھیکھ سیداں 8

سیکٹر F-11/4، اسلام آباد

ایک روایت کے مطابق یہ امام بارگاہ سید سخی شاہ مزمل کا ذاتی مکان تھا جسے ان کی اولاد نے ان کے انتقال کے بعد امام بارگاہ بنا دیا اور اسی زمانے میں عزاداری بھی شروع ہو گئی۔ اس کا کل رقبہ ۲ کنال کے لگ بھگ ہے۔ اس گاؤں کا پہلا نام میرپور تھا۔ اس گاؤں میں گجر قوم آباد تھی جس کے سربراہ کا نام بھیکھ تھا۔ اسی کے نام پر اس گاؤں کا نام بھیکھ پڑ گیا۔ بھیکھ کی کوئی اولاد نہ تھی۔

یہاں پر عرصہ قدیم سے ۲۲ صفر کی سالانہ مجلس عزا منعقد ہو رہی ہے اور جلوس عزا بھی برآمد ہوتا ہے۔ اس گاؤں میں عزاداری کا لائسنس شروع میں سید امیر علی شاہ نمبردار کے نام جاری ہوا بعد میں یہ لائسنس سید وظائف حسین شاہ کے دادا سید فضل شاہ ولد سید نشان کے نام منتقل ہو گیا اور آج کل یہ لائسنس سید وظائف حسین شاہ کے والد سید افسر حسین شاہ کے پاس ہے۔

سیکٹر G-6

مسجد و امام بارگاہ (ملحق مزار سید سخی محمود بادشاہ کاظمی)

آبپارہ، سیکٹر G-6، اسلام آباد

سید سخی محمود بادشاہ کاظمیؒ کے مزار سے ملحق اس مسجد و امام بارگاہ کی تعمیر نو جاری ہے۔ مسجد میں نماز مغربین بھی منعقد ہوتی ہے۔ یہاں پر عزاداری کا سلسلہ ۱۹۵۶ء سے قبل سے جاری ہے۔ اس مقام پر ہر قمری ماہ کی ۱۴ تاریخ کو ایک بڑی مجلس منعقد ہوتی ہے جس میں مختلف علماء و ذاکرین خطاب کرتے ہیں سن ۱۹۸۰ء تک مؤلف کتاب ھذا بھی ہر ماہ اس مقام پر باقاعدگی سے مجلس پڑھتے رہے ہیں۔

مزار سید سخی محمود بادشاہ کاظمیؒ

آبپارہ، سیکٹر G-6، اسلام آباد

سید سخی محمود بادشاہ کاظمی موسوی، بری امام موسوی سرکار کے والد گرامی تھے۔ آپ اپنے زمانے کے بلند پایہ بزرگ، ولی، حافظِ قرآن، ماہر علوم شرعیہ اور علمِ تصوف کے بحرِ بے کراں تھے۔ تعلیماتِ محمد و آل محمد علیہم السلام کے مطابق تبلیغ اسلام میں سرگرداں رہنے کے علاوہ اپنے جد امام مظلومؑ کی عزاداری کا بھی باقاعدہ اہتمام کرتے تھے۔ آپ کی پیدائش سن ۹۹۵ھ میں ہوئی۔ آپ کے آباء واجداد مشہد مقدس سے ہجرت کر کے موضع سید تحصیل گوجر خان ضلع راولپنڈی میں آئے اور بعد ازاں موضع کرسال تحصیل و ضلع چکوال تشریف لے گئے۔ آپ اس کے بعد موضع باغ کلاں سابقہ ضلع راولپنڈی حال اسلام آباد (نزد آبپارہ مارکیٹ) رہائش پذیر ہوئے۔ آپ نے اس مقام پر ایک چھوٹی سی مسجد بھی تعمیر کروائی۔

آپ نے ۱۰۸۲ھ میں ستاسی سال کی عمر میں داعی حق کو لبیک کہا۔ آپ کی اولاد میں شاہ عبداللطیف المعروف بری امامؒ شاہ جہان بادشاہ، چھوٹے شاہ اور ایک دختر نیک اختر قابل ذکر ہیں۔ چھوٹے شاہ بچپن میں انتقال فرما گئے

تھے، شاہ عبداللطیف المعروف بری امام سرکار کا مزار نور پور شاہاں (اسلام آباد) میں واقع ہے اور شاہ جہاں بادشاہ اپنی ہمشیرہ پاک داماں اور اپنی والدہ کے ہمراہ اپنے والدِ گرامی کے مزار اقدس کے ساتھ دفن ہیں۔

پرانے ریکارڈ کے مطابق آپ کو بارہ ایکڑ زمین بطور نذرانہ ملی تھی جو آپ نے اپنے خلیفہ شاہ شرف کے نام کر دی۔ شاہ شرف موصوف اسی مقام پر قیام پذیر ہو گئے اور مزار شریف کی مجاوری کے فرائض انجام دینے کے ساتھ ساتھ سلسلۂ عزاداری بھی جاری رکھا جو تادم تحریر جاری ہے۔ موجودہ متولی جناب الطاف حسین ولد فرزند علی ہیں جنکا سلسلۂ نسب شاہ شرف مرحوم کے ساتھ جاملتا ہے۔ اس وقت الطاف حسین اپنے احباب کے ساتھ مل کر مسجد و امام بارگاہ کی تعمیر نو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

مرکزی جامع مسجد اثنا عشری و امام بارگاہ

سیکٹر G-6/2، اسلام آباد

انجمن اثنا عشری (رجسٹرڈ) اسلام آباد 051-2826444

اسلام آباد کو دارالخلافہ قرار دینے کے بعد جب سرکاری ملازمین ۱۹۶۳ء میں اسلام آباد میں رہائش پذیر ہوئے تو مقامی مومنین کو مسجد و امام بارگاہ کی ضرورت محسوس ہوئی چنانچہ ۱۹۶۴ء میں انجمن اثنا عشری (رجسٹرڈ) اسلام آباد کا قیام عمل میں لایا گیا اور اس کے ساتھ ہی نماز اور عزاداری کے سلسلے کا آغاز بھی کر دیا گیا۔ نماز جمعہ ابتدائی طور پر آبپارہ کے ایک ڈی ٹائپ کوارٹر میں قائم کی گئی اور یہی نماز جمعہ مختلف مقامات سے ہوتی ہوئی ۱۹۶۶ء میں E-231 جی سکس فور میں منتقل ہو گئی جو ۱۹۶۹ء تک اسی مقام پر ادا ہوتی رہی۔ اسی دوران ۱۹۶۶ء میں حکومت کے محکمہ سی ڈی اے نے موجودہ پلاٹ جس کا رقبہ تقریباً چھ کنال کے قریب ہے مومنین کی ضروریات کے لئے مذکورہ انجمن کے نام الاٹ کر دیا جس پر انجمن نے مومنین کے تعاون سے پہلے پہلے امام بارگاہ کی تعمیر شروع کی اور ساتھ ساتھ مسجد کی بنیاد بھی رکھ دی۔ امام بارگاہ کی کل تعمیر مومنین کے مالی تعاون سے کی گئی۔ مسجد کی تعمیر کے ابتدائی اخراجات تو مومنین نے برداشت کئے جبکہ اس کے باقی اخراجات محکمہ اوقاف نے کئے کیونکہ ملکی قوانین کے تحت اسلام آباد کی تمام مساجد محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام ہیں۔ ۱۹۶۹ء میں نماز جمعہ کو اس موجودہ مرکزی مسجد میں منتقل کر دیا گیا۔

ابتدائی طور پر نماز جمعہ کی امامت مولانا سید فیض علی شاہ مرحوم آف ڈھڈیال ضلع چکوال ساکن ڈھوک رتہ راولپنڈی کرواتے تھے۔ (لیکن باقاعدہ طور پر نماز مغربین باجماعت شروع کرنے کا شرف مؤلف کتاب ھذا کو حاصل ہوا جو ۱۹۶۹ء تا ۱۹۷۴ء کے درمیانی عرصہ میں مختلف اوقات میں اعزازی طور پیش نماز رہے۔) جب ۱۹۷۴ء میں

مولانا سید فیض علی شاہ مرحوم مستقل طور پر اسلام آباد میں رہائش پذیر ہوئے تو یہ ذمہ داری انہیں سونپ دی گئی۔ جب ان کا تبادلہ مسجد امام الصادقؑ جی نائن ٹو میں ہو گیا تو ان کی جگہ مولانا حافظ سید ریاض حسین نقوی مرحوم اس مسجد میں بطور خطیب تعینات ہو گئے۔ مرحوم اس وقت سے اپنی وفات (مؤرخہ ۱۳ جنوری ۲۰۰۱ء) تک اپنے فرائض سرانجام دیتے رہے۔ خداوند کریم ان دونوں مرحومین کے درجات بلند فرمائے۔ حافظ صاحب مرحوم کی وفات کے بعد آج کل مولانا شیخ سلیمان صدرالدین نجفی پیش نمازی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ یاد رہے کہ مولانا سید انیس حسین شمسی حافظ صاحب مرحوم کی زندگی کے دوران کافی عرصہ نماز باجماعت پڑھاتے رہے ہیں۔

یہ بات ملحوظ خاطر رہے کہ اس مسجد و امام بارگاہ کی تعمیر میں انجمن مذکورہ کے عہدیداران کے علاوہ بہت سے مخیّر مومنین نے بڑے جذبے اور لگن سے کام کیا جن کی فہرست بہت طویل ہے۔ ان میں سے اکثر مومنین انتقال فرما چکے ہیں۔ پروردگار ان کے درجات بلند فرمائے اور باقی مومنین کو اجر جزیل عنایت فرمائے۔

عزاداری کے حوالے سے یہ ذکر کرنا ضروری ہے کہ نماز جمعہ کی طرح یہ بھی مختلف مقامات پر منعقد ہوتی رہی اور سب سے پہلا مردانہ عشرۂ محرم سید شان حیدر نقوی کے مکان پر منعقد ہوا۔ امام بارگاہ کی تعمیر کے بعد عزاداری کا سلسلہ باقاعدہ طور پر موجودہ مقام پر منتقل ہو گیا۔ اس وقت یہ اسلام آباد کی سب سے مرکزی اور دیدہ زیب امام بارگاہ ہے۔

اس امام بارگاہ میں محرم الحرام اور چہلم کی مجالس رات کے وقت منعقد ہوتی ہیں۔ اسلام آباد کے محرم اور چہلم کے علم، تعزیہ اور ذوالجناح کے مرکزی جلوس بالترتیب ۹ محرم الحرام اور ۱۹ صفر المظفر کو بعد نماز ظہر اسی امام بارگاہ سے برآمد ہوتے ہیں۔ یہ جلوس لائسنس یافتہ ہیں جو اپنے روایتی راستوں سے ہوتے ہوئے اسی امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتے رہیں۔

انجمن اثناعشری (رجسٹرڈ) اسلام آباد عزاداری کے تمام امور کا انتظام سنبھالے ہوئے ہے۔ آج کل اس امام بارگاہ میں محرم اور صفر کی مجالس کے علاوہ مختلف انجمنوں اور اداروں کی طرف سے مجالس عزا کے پروگرام منعقد ہو رہے ہیں جن میں جید علمائے کرام اور ذاکرین خطاب فرماتے ہیں۔ اس امام بارگاہ کی بالائی منزل پر خواتین کی مجالس کے پروگرام بھی یکم محرم سے ۸ ربیع الاول تک جاری رہتے ہیں۔

نوٹ: اس بات کا تذکرہ بھی بے جا نہ ہو گا کہ صدر پاکستان محمد ایوب خان کے دور حکومت میں آبپارہ میں واقع ایک مسجد شیعیان حیدر کرارؑ کے لئے مختص کی گئی جس میں مومنین کچھ عرصہ نماز بھی ادا کرتے رہے۔ جس پر بعد میں دیگر حضرات نے قبضہ کر لیا۔ اسی طرح سیکٹر ایف سکس دن میں بھی حکومت کی جانب سے انجمن مذکورہ کو ایک پلاٹ شیعہ مسجد کے لئے الاٹ ہوا جس پر چند لوگوں کی مخالفت کی وجہ سے مسجد تعمیر نہ ہو سکی۔ اس کے علاوہ صدر محمد ضیاء الحق کے دور میں تمام

مسالک کے لوگوں کو دینی امور کی بجا آوری کے لئے مختلف پلاٹ الاٹ کئے گئے لیکن شیعیان اسلام آباد کو اس سے بھی محروم رکھا گیا۔ اسی طرح مختلف مساجد کے خطباء کو گریڈ ۱۶، ۱۲ اور ۱۷ تک دیئے گئے لیکن اسلام آباد کی مرکزی شیعہ مجد کے خطیب کو گریڈ ۹ تک محدود رکھا گیا جو شیعہ قوم کے ساتھ سراسر زیادتی ہے۔

جامعہ اسدیہ

مرکزی جامع مسجد اثنا عشری و امام بارگاہ، سیکٹر G-6/2، اسلام آباد

051-2278609

اس مدرسہ کی بنیاد مولانا حافظ سید ریاض حسین نقوی مرحوم نے اپنے چند احباب کے ساتھ مل کر ۱۹۹۳ء میں رکھی۔ آپ ۱۳ جنوری ۲۰۰۱ء کو انتقال فرما گئے۔ اللہ تعالی ان کے درجات بلند فرمائے۔ فی الوقت اس مدرسہ کا انتظام مرحوم کے بھتیجے مولانا سید سجاد حسین نقوی خطیب بری امام کے پاس ہے جبکہ مولانا محمد نذیر ناصری بطور مدرس درس و تدریس کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

امامیہ دار التجوید

مکان نمبر D-21، گلی نمبر 21، سیکٹر G-6/2، اسلام آباد

بانی و منتظم: قاری سید علی عابد نقوی

051-2827505

قاری سید علی عابد نقوی نے چند سال قبل امامیہ دار التجوید کی بنیاد رکھی۔ اس ادارے میں طلباء کو تجوید القرآن کی تعلیم دی جاتی ہے۔ اسلام آباد میں یہ اپنی نوعیت کا منفرد امامیہ ادارہ ہے۔ اس ادارے کے بانی و منتظم قاری علی عابد نقوی بین الاقوامی شہرت یافتہ قاری قرآن، بہترین نعت خواں اور ایک عمدہ مقرر ہیں۔ آپ کو ۱۹۷۹ء میں مقابلہ حسن قرائت پر صدارتی ایوارڈ ملا۔ آج کل یہاں ہر قمری ماہ کی پہلی جمعرات کو بعد نماز مغربین دعائے کمیل کا پروگرام بھی منعقد ہوتا ہے۔

امامیہ مسجد و امام بارگاہ

E-231، سٹریٹ 58، سیکٹر G-6/4، اسلام آباد

خطیب: مولانا شیخ سلیمان صدر الدین نجفی

051-2873985

جیسا کہ اس سے قبل مرکزی جامع مسجد و امام بارگاہ اثنا عشری میں ذکر کیا گیا اور عزاخانہ زینبیہ کے ذیل میں بھی مزید آئے گا کہ اسلام آباد میں مختلف مقامات اور کوارٹروں میں عزاداری اور نماز جمعہ کے قیام کے بعد مومنین اسلام آباد کی کوششوں سے حکومت پاکستان نے مندرجہ بالا کوارٹر کو دینی امور کی بجا آوری کے لئے شیعیان اسلام آباد کو الاٹ

کردیا۔الاٹ منٹ کے ساتھ ہی یہاں پر نماز جمعہ اور عزاداری کا آغاز کردیا گیا۔بعدازاں ۱۹۶۹ء میں نماز جمعہ مرکزی جامع مسجد وامام بارگاہ اثنا عشری، جی سکس ٹو میں منتقل کردی گئی۔اب یہ جگہ مسجد وامام بارگاہ کے نام سے موسوم ہے۔ مولانا موصوف خطابت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

اس مقام پر انجمن اثنا عشری کے زیر اہتمام شام ۵ بجے عشرہ محرم کی مجالس کا انعقاد ہوتا ہے جبکہ انجمن ذوالفقار حیدری ہر سال اس کے علاوہ ایک عشرہ مجالس یکم صفر تا ۱۰ صفر بوقت ۸ بجے شام منعقد کرواتی ہے۔یاد رہے کہ ۱۰ محرم الحرام کو نمازِ فجر کے بعد ایک جلوس اس مقام سے برآمد ہوکر اپنے مخصوص راستوں سے گزرتا ہوا مرکزی امام بارگاہ جی سکس ٹو میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔

ماہ رمضان المبارک کی مجالس اسی مسجد وامام بارگاہ میں منعقد ہوتی ہیں اور شہادت حضرت امیر المومنینؑ کا جلوس بعدازنماز ظہر یہاں سے برآمد ہوکر مجوزہ راستوں سے ہوتا ہوا مرکزی مسجد وامام بارگاہ جی سکس ٹو میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔یہ مسجد وامام بارگاہ محکمہ اوقاف کے تحت نہیں اس لئے مسجد وعزاداری کے تمام مصارف انجمن اثنا عشری (رجسٹرڈ) اسلام آباد برداشت کرتی ہے۔

۱۷ زینبیہ (عزا خانہ خواتین)

سٹریٹ 58، سیکٹر G-6/4، اسلام آباد 051-2876771

جب ۱۹۶۴ء میں اسلام آباد میں لوگ آباد ہونا شروع ہو رہے تھے اس وقت چند مومنین نے آبپارہ میں سکونت اختیار کی تو بسلسلہ عزاداری ایک عزاخانے کی ضرورت کا احساس ہوا۔بہر حال مجالس عزا شروع کردی گئیں اور ۱۹۶۴ء میں پہلی مجالس سید علی جواد نقوی مرحوم کے کوارٹر نمبر D-389 آبپارہ میں منعقد ہوئیں۔بعدازاں ۱۹۶۶ء میں یہ مجالس E-231، سٹریٹ 58، سیکٹر G-6/4 (موجودہ امامیہ مسجد) میں منتقل ہوگئیں۔یہاں پر انجمن خواتین شیعہ اسلام آباد کا قیام عمل میں لایا گیا۔اس انجمن کی پہلی صدر بیگم ظہیر علی رضا اور سیکرٹری عالیہ مرتضی زیدی تھیں۔انتظامیہ کی تعداد سات تھی۔ابتدا میں عشرہ محرم الحرام کی مجالس ۱۱ بجے دن اور صفر المظفر کی مجالس ۵ بجے شام منعقد ہوتی تھیں۔

آہستہ آہستہ جب آبادی بڑھنے لگی تو عزاخانے کی ضرورت کا احساس شدت اختیار کرتا گیا چنانچہ مذکورہ انجمن نے خواتین کے لئے علیحدہ سے زمین کے حصول کی کوششیں شروع کردیں۔صدر انجمن فرحت زیدی سیکرٹری بیگم حسینی اور دیگر کچھ مومنین جن میں سید ہادی رضا مرحوم جو سب سے زیادہ سرگرم تھے کی کوششوں اور خدا کے فضل وکرم سے جنوری ۱۹۷۵ء میں یہ زمین الاٹ ہوگئی۔اس کے فوراً بعد ہی اس امام بارگاہ کی تعمیر شروع ہوگئی اور ۱۹۷۷ء میں یہ امام بارگاہ مکمل

ہوگئی۔اس کا کل رقبہ 70X120 فٹ ہے۔

اس امام بارگاہ میں یکم تا ۱۲ محرم مجالس دن ۱۱ بجے اور ۱۳ محرم تا ۷ ربیع الاول شام ۵ بجے منعقد ہوتی ہیں۔ ۸ ربیع الاول کی الوداعی مجلس دن ۱۱ بجے ہوتی ہے۔تمام معصومین کی ولادت اور شہادت کے ایام کی مناسبت سے پروگرام شام ۴ بجے کے قریب منعقد ہوتے ہیں۔انجمن خواتین شیعہ اسلام آباد اس عزاخانے کا انتظام سنبھالے ہوئے ہے۔

سیکٹر G-7

علیؑ مسجد و امام بار گاہ 16

سٹریٹ 22، سیکٹر G-7/2، اسلام آباد

خطیب: مولانا محمد ایوب عشتر 051-2202244

اس مسجد کے پلاٹ کے حصول کے لئے ظہور الحسن جعفری، ان کے فرزند اصغر علی جعفری اور دیگر مومنین نے بڑی جانفشانی سے کام کیا۔ پلاٹ کے حصول کے ساتھ ساتھ مسجد کی تعمیر بڑے خوبصورت انداز سے جاری ہے۔پلاٹ کا رقبہ ۲ کنال دس مرلے ہے۔اس مقام پر ۳ سال سے عشرۂ محرم الحرام بھی یکم محرم تا ۸ محرم منایا جارہا ہے۔۷ محرم تک مجالس ۵ بجے شام جبکہ ۸ محرم کی مجلس بعد از نماز مغربین منعقد ہوتی ہے اور اس کے بعد جلوس علم و ذوالجناح برآمد ہوتا ہے جو براستہ خیبر پلازہ مرکزی امام بارگاہ اثناعشری G-6/2 میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔اس دوران مختلف گھروں سے نکلنے والے چھوٹے چھوٹے جلوس بھی اس میں شامل ہو جاتے ہیں۔

سیکٹر G-8

مسجد آلِ محمدؐ 17

گلی نمبر ۱، سیکٹر G-8/2، اسلام آباد

منتظم: سید ہادی حسنین شیرازی 051-2260912

اس مسجد کے پلاٹ کے حصول کے لئے سید ہادی حسنین شیرازی نے سلیم حیدر، سید محمد حسین شاہ (المعروف ایم ایچ شاہ) اور اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ ۱۹۹۳ء سے کوششیں شروع کر دی تھیں جن کے نتیجے میں بالآخر ۱۹۹۵ء میں CDA سے باقاعدہ الاٹ منٹ کے احکامات جاری ہو گئے۔بیسمنٹ کا ایک ہال مکمل ہو چکا ہے جبکہ 45X50 فٹ رقبہ جو

تقریباً ۸ مرلے کے قریب بنتا ہے پر ایک خوبصورت عالیشان مسجد زیر تعمیر ہے۔ یہاں پر نماز باجماعت کا آغاز ہو چکا ہے۔ ۱۹۹۸ء سے عشرہ محرم الحرام کی مجالس بھی شروع ہو چکی ہیں۔ یہ مجالس شام ۵ بجے شروع ہوتی ہیں۔ اس مسجد میں سید ہادی حسنین شیرازی کے بھائی مولانا سید محمد حسین شاہ پیش نمازی کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

18 جعفریہ قرآن و دینیات سینٹر

بیسمنٹ بلاک 15، پوسٹل کالونی، سیکٹر G-8/4، اسلام آباد

یہ سینٹر پوسٹ آفس بلاک ۱۵ کی بیسمنٹ میں واقع ہے۔ ۱۱ سال قبل پوسٹ آفس کی انتظامیہ نے یہ جگہ بنام دارالقرآن الاٹ کی تھی۔ یہاں پر نمازِ مغربین باجماعت ادا کی جاتی ہے۔ بچوں کو قرآن مجید و دینیات کی تعلیم دی جاتی ہے۔ نیز یہاں پر مجالس اور محافل کے پروگرام بھی منعقد کئے جاتے ہیں۔ عشرہ محرم الحرام کی مجالس آٹھ محرم تک بعد نماز مغربین منعقد ہوتی ہیں۔ ہر جمعرات کو خواتین کا درس بھی ہوتا ہے۔ انجمن سجادیہ اس کا انتظام سنبھالے ہوئے ہے۔ اس انجمن کے صدر ملک زوار حسین جھمٹ ہیں۔

سیکٹر G-9

19 مرکزی مسجد و امام بارگاہ الامام الصادقؑ

سیکٹر G-9/2، اسلام آباد

خطیب: مولانا شیخ محمد شفا نجفی 051-2272478

اس مسجد کی ابتدائی تعمیر ۱۹۸۰ء میں تنظیم حسینی کے زیر اہتمام کی گئی۔ آج کل اس تنظیم کا نام تبدیل کر کے الصادق ٹرسٹ (رجسٹرڈ) اسلام آباد رکھ دیا گیا ہے۔ اس مسجد و امام بارگاہ کا تعمیر شدہ رقبہ ۳۲۰۰۰ مربع فٹ ہے۔ مسجد میں تقریباً ساڑھے تین ہزار افراد کے نماز پڑھنے کی گنجائش ہے۔ اس مسجد کا پہلا سنگ بنیاد علامہ شیخ محسن علی نجفی کے دست مبارک سے جبکہ تعمیر کا افتتاح آیت اللہ آصف محسنی کے دست مبارک سے ہوا۔ یہاں نماز جمعہ کا انعقاد ہوتا ہے۔

یہ مسجد بطور امام بارگاہ بھی استعمال ہوتی ہے۔ یہاں پر سال بھر مختلف مواقع پر مجالس عزا منعقد ہوتی رہتی ہیں۔ اس امام بارگاہ میں ادارہ صدائے اسلام کے زیر اہتمام بھی عشرہ محرم الحرام عرصہ آٹھ سال سے شام ۴ بجے منعقد ہو رہا ہے۔ خواتین بھی اپنی مجالس کا اہتمام کرتی رہتی ہیں۔ عشرہ خواتین ۱۹۸۰ء سے باقاعدہ منعقد ہو رہا ہے۔ معصومینؑ کے ایام ولادت و شہادت اور تبلیغی محافل کا انعقاد ہوتا رہتا ہے۔ اس مسجد میں IO اور ISO کے سالانہ اجتماعات بھی منعقد ہوتے

رہتے ہیں۔نقشہ کے مطابق مسجد کے ساتھ ایک لائبریری بھی زیر تعمیر ہے۔

یہ پلاٹ اسلام آباد کے نقشہ میں سیکٹر G-9/2 میں مسجد کے لئے مختص تھا۔یہ ابھی تک محکمہ اوقاف کے زیراثر ہے۔لیکن محکمہ نے ابھی تک اس مسجد کی تعمیر میں کوئی دلچسپی نہیں لی اور نہ ہی کسی قسم کا کوئی مالی تعاون کیا۔البتہ مومنین کے تعاون سے جو قابل ستائش ہے مسجد و امام بارگاہ کی تعمیر شروع کردی گئی اور دسمبر ۱۹۹۶ء میں مذکورہ ٹرسٹ کو رجسٹرڈ کروایا گیا جس کے تحت باقی کام جاری ہے۔اس ٹرسٹ کے ۱۳ اراکین ہیں۔یہ پورا پراجیکٹ تقریباً ساڑھے تین کروڑ روپے کا ہے جس میں سے اس وقت تک دو کروڑ سے زائد خرچ ہو چکے ہیں۔اس وقت گراؤنڈ فلور استعمال کے قابل ہے۔مجالس ومحافل کی تقریبات اسی جگہ منعقد ہو رہی ہیں جبکہ مسجد کی تعمیر ابھی جاری ہے۔

20

مسجد ،امام بارگاہ و دینی مدرسہ (بنام جامعة المرتضیٰؑ)

G-9/4 ،اسلام آباد

اس مدرسہ،مسجد و امام بارگاہ کا رقبہ 120X140 فٹ ہے۔یہ زمین ۱۹۷۸ء کے لگ بھگ الاٹ ہوئی۔یہ بڑی مرکزی جگہ پر واقع ہے۔اس جگہ آج کل عمارت زیر تعمیر ہے۔یہاں سے ۸ محرم الحرام کو جلوس عزا برآمد ہوتا ہے جو مسجد و امام بارگاہ امام الصادق واقع سیکٹر G-9/2 میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔اس کے منتظم اعلیٰ مولانا آغا سید حامد علی شاہ موسوی ہیں۔

سیکٹر G-10

21

جامعة الحجتؑ

649 ،سیکٹر G-10/1 ،اسلام آباد

051-2214681

اس مدرسہ کی بنیاد اگست ۱۹۹۹ء میں رکھی گئی۔اس مدرسہ کی تاسیس میں بہت سے اہل علم حضرات کے مساعی جمیلہ شامل ہیں جن میں مولانا سید حسن ظفر نقوی،مولانا سید علی محمد نقوی،مولانا غلام حر شبیری،مولانا سید محمد عباس ایلیا،مولانا قیصر عباس،مولانا راجہ ناصر عباس،مولانا ساجد علی سبحانی اور مولانا محمد اقبال کامرانی کے اسمائے گرامی سرفہرست ہیں۔
فی الحال مدرسہ کی عمارت کرائے کی ہے لیکن مستقبل قریب میں اس درسگاہ کے لئے زمین حاصل کرکے اس کی باقاعدہ تعمیر کی جائے گی۔

اس وقت مدرسہ ہذا میں ۲۰ طلباء زیر تعلیم ہیں۔داخلے کے لئے کم از کم میٹرک کا پاس ہونا بنیادی شرط ہے اور پھر داخلے کے بعد طالب علم کو اعلیٰ تعلیم بھی دلوائی جاتی ہے۔اس درسگاہ کے نصاب میں حوزہ علمیہ کے مروجہ نصاب کے

علاوہ عربی وانگریزی زبانوں میں مکمل مہارت کو بھی شامل کیا گیا ہے تا کہ طالب علم ان زبانوں میں تقریر، تحریر اور ترجمے کی صلاحیت حاصل کر لے۔ علاوہ ازیں عنقریب فقہ، اصول اور تفسیر کی اعلیٰ تدریس کے شعبہ جات کا بھی آغاز کر دیا جائے گا۔

مسجد امام حسنؑ

تھر ڈ روڈ، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد

خطیب: مولانا شیخ حسن ترابی 051-2294323

مذکورہ مسجد کے لئے موجودہ پلاٹ جس کا رقبہ ۳ کنال ہے، انجمن زین العباؑ کے صدر سید قمر حسن نقوی کے نام CDA سے الاٹ ہوا۔ اس کی تعمیر المساجد ٹرسٹ اسلام آباد کے زیر اہتمام ۱۹۹۲ء میں ہوئی۔ مسجد انتہائی خوبصورت انداز میں تعمیر کی گئی ہے۔ مولانا شیخ حسن ترابی خطابت کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ امام بارگاہ کی تعمیر ابھی باقی ہے۔ یہاں محرم الحرام کی مجالس و دیگر پروگرام باقاعدگی سے منعقد ہوتے ہیں۔ عشرہ محرم الحرام کی مجالس یکم محرم تا ۹ محرم نماز فجر کے بعد شروع ہوتی ہیں جبکہ ۴ بجے شام افغان مومنین کے زیر اہتمام ۵ محرم تا ۱۰ محرم مجالس عزا کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ سال بھر کے باقی پروگرام مجالس و محافل میلاد وغیرہ کا بھی باقاعدہ انعقاد ہوتا ہے۔ نیز بچوں کو قرآن اور دینیات کی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

سیکٹر H-8

کوثر اسلامک یونیورسٹی

168، سیکٹر H-8/2، اسلام آباد 051-4431407

اس مقام پر سی ڈی اے کی طرف 5.7 ایکڑ زمین ۱۰ مارچ ۱۹۹۶ء کو انجمن اثنا عشری (رجسٹرڈ) اسلام آباد کے نام الاٹ ہوئی۔ بعد ازاں انجمن کے تعاون سے ایک ٹرسٹ تشکیل دیا گیا جس کے تحت یہاں پر ایک اسلامی یونیورسٹی تعمیر کی جا رہی ہے۔ یونیورسٹی میں مسجد، امام بارگاہ اور طلباء کے لئے ہاسٹل بھی تعمیر کئے جا رہے ہیں۔

سیکٹر I-8

امام بارگاہ بیت الزہراؑ

24

494، سٹریٹ 106، سیکٹر I-8/4، اسلام آباد

051-4443094

اس عزاخانہ کا افتتاح مؤرخہ 97-7-29 کو مولانا عقیل ترابی نے کیا۔ اس کی بالائی منزل پر مولانا سید محمد ابوالحسن موسوی کی ذاتی رہائش ہے جبکہ باقی حصہ بطور امام بارگاہ استعمال ہوتا ہے۔ دارالتبلیغ الجعفریہ کا دفتر بھی اسی عمارت میں قائم ہے۔ اس عزاخانہ میں ۱۹۹۸ء سے عشرہ محرم الحرام کا آغاز ہو چکا ہے۔ یہ مجالس یکم محرم تا ۱۰ محرم رات کے وقت منعقد ہوتی ہیں۔ اس امام بارگاہ میں منعقد ہونے والا پہلا عشرہ خود مولانا ابوالحسن موسوی نے پڑھا تھا۔

سیکٹر I-9

مرکزی جامع مسجد شاہ ہمدان جعفریہ

25

سیکٹر I-9، اسلام آباد

پرانے ریکارڈ کے مطابق یہ مسجد آج سے تقریباً تین سو سال قبل تریٹ سیداں تحصیل مری کے ایک سید بزرگوار نے تعمیر کی۔ اس وقت اس جگہ ''ڈنہ سیداں'' نامی ایک گاؤں تھا۔ اس مسجد کا کل رقبہ تقریباً ساڑھے تین کنال ہے ۱۹۶۰ء میں CDA نے اس گاؤں کی تمام زمین ایکوائر کر لی اور متعلقہ متاثرین کو معاوضہ ادا کر دیا۔ لیکن مسجد کی جگہ کا معاوضہ کسی نے بھی وصول نہ کیا۔ ۱۹۸۰ء میں چیئرمین CDA نے اس مسجد کی قانونی حیثیت تسلیم کرتے ہوئے بجلی پانی سڑک ودیگر سہولیات مہیا کرنے کے احکامات جاری کر دیئے۔ بعدازاں چند مومنین نے مل کر ۱۹۷۶ء میں ''انجمن جعفریہ'' کے نام سے ایک انجمن تشکیل دی جسے ۱۹۸۰ء میں رجسٹر کروالیا گیا۔ اس انجمن کے صدر سید فضل حسین شاہ ہمدانی، سیکرٹری پروفیسر غلام عباس اور خزانچی راجہ بشیر احمد مقرر ہوئے۔

ابتدائی طور پر دس مومنین نے مالی معاونت کی اور بعدازاں دیگر مومنین کی مالی معاونت سے مسجد کی تعمیر نو شروع ہوئی۔ ۱۹۸۴ء میں CDA نے اس مسجد کو دوبارہ مسمار کرنے کا پروگرام بنایا لیکن آغا مرتضیٰ پویا، مرزا بشیر حیدر اور دیگر مومنین کی کوششوں سے CDA اپنے منصوبے پر عمل درآمد نہ کر سکا اور یہ مسئلہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے حل ہو گیا۔ اب اس مسجد کی جدید تعمیر جاری ہے۔ اس سلسلے میں سید غلام اصغر کاظمی کی مالی معاونت بھی شامل ہیں۔

یہاں پر ۱۹۷۸ء سے نماز جمعہ قائم ہے۔اس مسجد میں بہت سے حضرات نماز پڑھاتے رہے ہیں۔ان میں مولانا غلام عباس فردوسی، مولانا سید زاہد عباس کاظمی، مولانا زوار حسین مدنی، مولانا سید ظہیر عباس خراسانی اور مولانا سید مجتبیٰ بخاری قابل ذکر ہیں۔آج کل موا نا سید گفتار حسین صادقی نماز باجماعت پڑھا رہے ہیں۔

۱۹۹۷ء میں مسجد جعفریہ کا نام تبدیل کرکے "جامع مسجد شاہ ہمدان جعفریہ" رکھ دیا گیا اور انجمن جعفریہ کی جگہ شاہ ہمدان جعفریہ ٹرسٹ (رجسٹرڈ) قائم کیا گیا۔سید سجاد حسین شاہ ہمدانی اس ٹرسٹ کے چیئرمین بن گئے۔مسجد کا نام تبدیل کرنے اور انجمن کی جگہ ٹرسٹ بنانے کی بنا پر انجمن کے عہدیداران اور ٹرسٹ کے منتظمین کے مابین چپقلش قائم ہوگئی جس کی بنا پر فریقین نے ایک دوسرے سے الجھنا شروع کردیا اور تقریباً دو تین ماہ سے ان اختلافات میں زیادہ شدت آگئی جس کے نتیجے میں ہر نماز جمعہ کے موقع پر شوروغوغا ہونا شروع ہوگیا۔بہرحال اس وقت فریقین نے باہمی معاہدہ کرلیا ہے اور کافی حد تک معاملات بہتر ہوگئے ہیں۔

یہاں پر عشرۂ محرم الحرام کا آغاز ۱۹۷۶ء سے ہوا۔ابتدائی دو عشرے سید امتیاز حسین شاہ مرحوم کے مکان پر منعقد ہوئے جو بعد میں مسجد میں منتقل ہوگئے۔اس مقام پر عشرہ محرم باقاعدگی سے منایا جاتا ہے۔یہ مجالس رات ۹ بجے منعقد ہوتی ہیں۔یہاں سے ۶ محرم کو جلوس علم راجہ بشیر احمد کے مکان سے جبکہ مہندی کا جلوس سید فضل حسین شاہ مرحوم کے گھر سے برآمد ہوتا ہے۔چند سالوں سے بابر شاہ کے گھر سے بھی جلوس عزاداری برآمد ہوتا ہے۔یاد رہے کہ عزاداری کے فروغ کے لئے سید فضل حسین شاہ ہمدانی مرحوم کی خدمات قابل قدر ہیں۔

سیکٹر I-10

26

مسجد ولی عصرؑ و امام بارگاہ بلتستانیہ کمپلیکس

I-10/1، نزد سبزی منڈی، اسلام آباد

خطیب: مولانا شیخ حسن علی نجفی — 051-4447629

اس کمپلیکس کی زمین ۱۷ دسمبر ۱۹۸۷ء کو CDA سے الاٹ ہوئی۔اس پورے کمپلیکس کا کل رقبہ ۱۰ کنال کے قریب ہے۔اس مرکز کو بان آل عبا ٹرسٹ (رجسٹرڈ) بلتستانیہ نے تعمیر کیا۔اس ٹرسٹ کے بانی ٹرسٹی آغا سید مقبول حسن زیدی مرحوم تھے جو ۲۸-۱-۹۷ کو انتقال فرما گئے۔ان کی جگہ مرحوم کی اہلیہ اس سلسلے کو سنبھالے ہوئے ہیں جبکہ اس ٹرسٹ کے چیئرمین جناب ذکاوت علی شگری ہیں۔یہاں پر نماز تو مسجد کی تعمیر سے پہلے ہی کھلی جگہ پر شروع کردی گئی تھی البتہ مسجد ولی عصر کا باقاعدہ سنگ بنیاد ۶ جون ۱۹۹۱ء کو رکھا گیا۔مسجد بالائی منزل پر بڑے خوبصورت انداز میں جدید تقاضوں کو مدنظر

رکھ کر تعمیر کی گئی ہے۔ اس مسجد میں ایک ہزار نمازیوں کی گنجائش ہے۔ مسجد کی پہلی منزل پر بچیوں کی لئے اسلامک سینٹر بنایا گیا ہے۔ جبکہ ایک ووکیشنل سینٹر بھی زیر تعمیر ہے۔ یہاں پر میت کو رکھنے، غسل دینے اور کفن پہنانے کے لئے علیحدہ علیحدہ کمرے تعمیر کئے گئے ہیں جن میں تجہیز و تکفین کی تمام سہولیات موجود ہیں۔ اس مسجد میں خطیب کی رہائش گاہ بھی علیحدہ سے تعمیر کی گئی ہے۔

مسجد کے ساتھ امام بارگاہ تعمیر کیا گیا ہے۔ اس میں نیچے والا حصہ مردانہ امام بارگاہ جبکہ بالائی منزل پر خواتین کا امام بارگاہ ہے۔ اس امام بارگاہ میں پہلا عشرۂ محرم الحرام ۱۹۹۱ء میں منعقد ہوا۔ یہاں پر عشرۂ محرم کی مجالس تیسرے پہر شروع ہو کر نماز مغرب سے قبل ختم ہو جاتی ہیں۔

خواتین کا اپنا علیحدہ پروگرام بھی ہوتا ہے۔ خواتین کی مجالس کا سلسلہ یکم محرم سے ۶ ربیع الاول تک مسلسل جاری رہتا ہے۔

اس امام بارگاہ میں یکم محرم سے چہلم امام حسینؑ تک رات ۹ تا ۱۰ بجے بلتی مومنین اپنی زبان میں مجالس عزاداری منعقد کرتے ہیں جبکہ افغانی مومنین بھی محرم الحرام کے دوران اپنا علیحدہ پروگرام منعقد کرتے ہیں۔ یہاں پر ہر شب جمعہ افغانی خواتین بھی اپنا پروگرام منعقد کرتی ہیں اور جمعہ کی صبح ۷ بجے تا ۱ بجے دن تمام مومنین مل کر دعائے ندبہ اور مجلس وغیرہ میں شرکت کرتے ہیں۔

اس مرکز میں "الحجتؑ لائبریری" نامی ایک لائبریری قائم کی گئی ہے۔ محبان آل عبا ٹرسٹ (رجسٹرڈ) اس مرکز کا انتظام سنبھالے ہوئے ہے۔ آغا سید حسن شاہ حسینی بطور ایڈمنسٹریٹو فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

27 مسجد و امام بارگاہ قصر امام موسیٰ کاظمؑ

سادات کالونی، سیکٹر I-10/1-4، اسلام آباد

خطیب: مولانا سید اخلاق حسین کاظمی

051-4447744

اس مسجد و امام بارگاہ کا کل رقبہ ساڑھے چھ کنال ہے۔ مسجد کا ہال 45X55 فٹ ہے۔ باقی زمین پر امام بارگاہ زیر تعمیر ہے۔ مولانا سید اخلاق حسین کاظمی پیش نمازی کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ یہاں پر عشرۂ محرم ۱۹۸۸ء سے باقاعدگی سے منایا جا رہا ہے۔ یہ مجالس رات ۹ بجے منعقد ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ بھی ہر سال ۲ روزہ مخصوصی مجالس منعقد کی جاتی ہیں جبکہ ۹ نومبر کو ایک اور سالانہ مجلس منعقد ہوتی ہے۔ یہاں سے ۷ محرم کو گہوارہ علی اصغرؑ علم اور مہندی کا جلوس، ۱۰ محرم الحرام کو جلوس ذوالجناح، ۲۵ محرم الحرام کو جلوس تابوت، ۶ ذی الحجہ کو جلوس علم اور ۲۷ رجب کو جلوس عزا برآمد ہوتے ہیں

جلوس مین روڈ سے گزرتے ہوئے امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتے ہیں۔

یہاں پر دینی امور سرانجام دینے کے لئے ایک ٹرسٹ بنام سادات جعفریہ ٹرسٹ (رجسٹرڈ) بنایا گیا ہے جس کے ممبران کی تعداد ۱۰ ہے۔ آغا سید صغیر حسین شاہ کاظمی اس ٹرسٹ کے چیئرمین ہیں۔

ضلع اسلام آباد (وفاقی علاقہ)

بہارہ کہو

جامع مسجد علیؑ ابن ابیؑ طالب 28

محلہ سیداں، بہارہ کہو، تحصیل و ضلع اسلام آباد

خطیب: مولانا سید ریاض حسین صفوی
051-2231785

یہ مسجد محلہ سادات کے عین وسط میں واقع ہے۔ بیوہ سید فضل حسین شاہ کاظمی مرحوم نے تقریباً ۱۹۷۹ء میں مسجد وخطیب مسجد کی رہائش کے لئے ایک کنال ۱۰ مرلے زمین عطیہ کی۔ جس پر مرحومہ اور تمام سادات محلہ نے مل کر اس مسجد کی تعمیر کی۔ یہ تعمیر ۱۹۹۰ء میں مکمل ہوئی۔ مسجد کے لئے تقریباً دو مرلے پر مشتمل ہال اور برآمدہ تعمیر کیا گیا۔ ۱۹۹۸ء میں خطیب کی رہائش کے لئے وقف شدہ زمین پر رہائش تعمیر کی گئی۔ مکان کی تعمیر میں تمام اہل محلہ اور دیگر مخیر مومنین کی مساعی جمیلہ شامل ہیں۔ مرحومہ کی بیٹی سیدہ آمنہ نے جنوری ۲۰۰۱ء کو یہ زمین باقاعدہ مسجد کے نام منتقل کروادی۔

ابتدا میں اس مسجد میں صرف نماز جمعہ ادا کی جاتی تھی پھر اس سلسلے کو نماز عیدین تک بڑھایا گیا اور ۱۹۹۷ء سے باقاعدہ نماز باجماعت کا سلسلہ شروع کر دیا گیا۔ یہاں پر نماز جمعہ اور نماز عیدین میں بہارہ کہو کے علاوہ دیگر آبادیوں کے لوگ بھی کافی دور سے شرکت کے لئے آتے ہیں۔ اس مسجد میں بچوں کو باقاعدہ قرآن اور دینیات کی تعلیم دی جاتی ہے۔

اس مسجد میں ہر شب جمعہ حدیث کساء کا پروگرام ہوتا ہے۔ ۱۳ رجب کو بعد از نماز مغربین جشن ولادت حضرت علیؑ شایان شان طریقے سے منایا جاتا ہے۔ اس جشن کے انعقاد میں محلہ سیداں کے جوان خصوصی طور پر خدمات انجام دیتے ہیں۔ ۱۵ رمضان المبارک کو امام حسنؑ کا یوم ولادت مکمل عقیدت واحترام سے منایا جاتا ہے۔ ان دو مواقع پر علماء ذاکرین اور مداح خواں بارگاہ آئمہ میں عقیدت کے پھول نچھاور کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں تقریباً ہر معصوم کی ولادت وشہادت کے موقع پر مختصر پروگرام منعقد ہوتے ہیں۔ انجمن مومنین (رجسٹرڈ) بہارہ کہو اسلام آباد مسجد کی منتظم ہے

یہ مسجد اس علاقے کی آباد مسجد ہے۔ اس وقت مسجد کی عمارت موجودہ ضروریات کے لئے ناکافی ہے لہذا اس کی فوری توسیع کی ضرورت ہے جس کے لئے قوم کے اہل درد مخیر حضرات کی خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔

یاد رہے اس مسجد کی توسیع و ترقی اور یہاں پر نماز باجماعت و دیگر دینی پروگراموں کے انعقاد اور فروغ کے ضمن میں مولانا سید ریاض حسین صفوی کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ شکر اللہ سعیہ وجزاہ خیرا۔

29

امام بارگاہ، مسجد و درسگاہ مربی رسالت

محلہ سیداں، یونیورسٹی روڈ، بھارہ کہو، تحصیل و ضلع اسلام آباد

بھارہ کہو میں عزاداری کا باقاعدہ آغاز ۱۹۴۴ء میں ہوا جبکہ عشرہ محرم الحرام کا باقاعدہ انعقاد ۱۹۷۹ء میں ہوا۔ سید فرزند علی شاہ گیلانی مرحوم کی وصیت کے مطابق دو کنال زمین امام بارگاہ کے لئے وقف کی گئی۔ اس کی چار دیواری مکمل ہو چکی ہے۔ تقریباً ڈیڑھ کنال رقبہ بنام امام بارگاہ منتقل ہو چکا ہے۔ انشاء اللہ باقی رقبے کے انتقال کے بعد اس کی تعمیر شروع ہو جائے گی۔ اس امام بارگاہ میں ہر سال ۸ صفر کو چہلم امام حسینؑ کی مجلس عزا منعقد ہوتی ہے۔ یہ مجلس اختتام جلوس کے بعد تقریباً ۱۱ بجے دن سے شروع ہو کر شام تک جاری رہتی ہے۔ محرم اور صفر میں جلوس عزا بھی برآمد ہوتے ہیں۔

اس وقت تک عشرہ محرم الحرام کی مجالس سید مقصود علی شاہ گیلانی کے مکان پر منعقد ہو رہی ہیں جو امام بارگاہ کی تعمیر کے بعد وہاں منتقل ہو جائیں گی۔ عشرہ محرم کی مجالس نماز مغربین کے بعد شروع ہوتی ہیں۔ ۸ صفر المظفر کو چہلم امام حسینؑ کی مناسبت سے علم حضرت عباسؑ کا جلوس صبح ۸ بجے مختصر مجلس کے بعد سید مقصود علی شاہ گیلانی کے گھر سے برآمد ہوتا ہے یہ جلوس سید معظم حسین شاہ کاظمی، سید فدا حسین شاہ کاظمی مرحوم اور سید ممتاز حسین شاہ کاظمی کے گھروں سے ہوتا ہوا محلہ سیداں کے درمیان سے گذرتا ہوا امام بارگاہ مربی رسالت میں اختتام پذیر ہوتا ہے جہاں پر چہلم کی مرکزی مجلس کا انعقاد ہوتا ہے جو شام تک جاری رہتی ہے۔ اس کے علاوہ بھی سید مقصود علی شاہ گیلانی کے گھر پر چند سالانہ مجالس منعقد ہوتی ہیں جن میں ایک مجلس جمادی الثانی کے پہلے اتوار کو حضرت فاطمۃ الزہراؑ کی شہادت کی مناسبت سے دوسری ۲۱ رمضان المبارک کو شہادت حضرت علی علیہ السلام کی مناسبت سے جبکہ تیسری مجلس ماہ شوال کے آخری اتوار کو محسنین اسلام حضرت ابو طالب اور ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ علیہما السلام کو ہدیہ عقیدت پیش کرنے کے لئے منعقد ہوتی ہیں۔ ۲۱ رمضان کی مجلس ظہر تا غروب اور بقیہ دو مجالس صبح ۹ تا ظہر منعقد ہوتی ہیں۔

30

جامعۃ الرضاؑ

عقب یوٹیلیٹی سٹور، محلہ سیداں، بھارہ کہو، اسلام آباد

051-2231790

اس مدرسہ کا قیام مولانا راجہ محمد مظہر علی خان اور مولانا سید ریاض حسین صفوی خطیب مسجد علیؑ ابن ابی طالبؑ کی باہمی کوششوں سے اگست ۱۹۹۸ء میں عمل میں آیا۔ مدرسہ ابتدائی طور پر کرایہ کی عمارت میں کام کر رہا ہے۔ اس مدرسہ کی نمایاں خصوصیت اس کا نصاب اور درسی پروگرام ہے جس کے تحت طالب علم کو لازمی طور پر حوزہ علمیہ کے مروجہ نصاب کے علاوہ ایف اے، بی اے اور ایم کروایا جاتا ہے۔ اس مدرسہ سے متعدد طلبائے کرام اعلیٰ دینی تعلیم کے علاوہ ایف اے، بی اے

اور ایم اے کر چکے ہیں۔اس مدرسہ نے علاقے میں تبلیغی کام بھی سرانجام دیئے جن میں مختلف مقامات پر بچوں کے لئے تعلیم قرآن کی کلاسوں کا اجراء شامل ہے۔اس مدرسہ سے فارغ التحصیل مختلف طلباء مزید تعلیم کے لئے قم المقدسہ ایران اور شام جا چکے ہیں۔اس وقت مولانا سید حسنین عباس گردیزی تدریس کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

بھمبر تراڑ

31

بائیں سیداں، موضع بھمبر تراڑ، ڈاکخانہ خاص، تحصیل وضلع اسلام آباد

051-4970125

اس گاؤں میں سید ذوالفقار علی شاہ ولد سید چنن شاہ اور سید ممتاز حسین شاہ ولد سید مہتاب شاہ کے زیر اہتمام تقریباً ۱۰ سال سے ایک سالانہ مجلس عزا منعقد ہو رہی ہے جس کی تاریخ موقع ومحل کے مطابق طے کر لی جاتی ہے۔یہ مجلس سید ذوالفقار علی شاہ کے گھر کے ساتھ واقع برگد کے درخت کے نیچے منعقد ہوتی ہے۔سید اظہر حسین شاہ ولد سید مظہر علی شاہ کے گھر سے جلوس علم مجلس سے قبل برآمد ہوتا ہے۔اختتام مجلس پر بھی ایک جلوس سید ذوالفقار علی شاہ کے گھر سے برآمد ہو کر مین بازار سے ہوتا ہوا مقام مجلس پر اختتام پذیر ہوتا ہے۔

پنڈ بیگوال

32

براستہ بھارہ کہو، تحصیل وضلع اسلام آباد

اس گاؤں کی جلیاری سیداں میں ہر سال ۱۲ محرم الحرام کو مخصوصی مجلس عزا سید نزاکت حسین شاہ کاظمی ولد سید مزمل شاہ کے زیر اہتمام منعقد ہوتی ہے۔یہ مجلس عزا عرصہ ۸ سال سے باقاعدگی سے ساتھ منعقد ہو رہی ہے۔

علاوہ ازیں اس گاؤں کی ذیلی آبادی جنڈی سیداں میں بھی عرصہ پانچ سال سے ۱۵ محرم الحرام کو ایک مجلس عزا منعقد ہوتی ہے جس کے بعد جلوس عزا بھی برآمد ہوتا ہے جو سادات کے مختلف گھروں سے ہوتا ہوا واپس جائے مجلس پر اختتام پذیر ہوتا ہے۔اس مجلس کی ابتدا تقریباً ۵ سال قبل یہاں کے محب اہل بیت نوجوان سید توقیر عباس شاہ مرحوم نے کی۔خداوند کریم اس کے درجات بلند فرمائے۔آمین۔

پنڈ پراچہ

33

داخلی جھنگی سیداں، تھانہ ترنول، تحصیل وضلع اسلام آباد

اس گاؤں میں عزاداری کی بنیاد سید غلام حسن شاہ کے والد سید چنن شاہ مرحوم نے ۱۹۳۸ء میں رکھی۔یہاں پر ربیع الاول کے پہلے اتوار کو بعد از جلوس مجلس عزا منعقد ہوتی ہے۔جلوس علم سید امتیاز حسین شاہ کے گھر سے برآمد ہو کر جائے

مجلس پر اختتام پذیر ہوتا ہے۔ اس گاؤں کی مسجد میں دونوں مسالک کے لوگ نماز ادا کرتے ہیں۔ مولانا سید انصاف حسین کاظمی کا تعلق بھی اسی گاؤں سے ہے۔ آپ کے فرزند سید شبیہ الحسن کاظمی بھی علوم محمد وآل محمد علیہم السلام کے حصول میں مصروف ہیں۔

پنڈ پڑیاں 34

تھانہ ترنول، تحصیل وضلع اسلام آباد

راجہ کالا خان 051-2295298

اس مقام پر ۲۶ محرم الحرام کو ایک مجلس عزا زیر انتظام راجہ اورنگزیب ولد راجہ حیدر زمان منعقد ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ راجہ کالا خان ولد راجہ فیروز حان کے زیر اہتمام بھی ایک اور مجلس ہاڑ کے مہینے میں منعقد ہوتی ہے۔ اس مجلس کا آغاز راجہ اورنگزیب کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی مجلس سے قبل ہوا۔

پنڈ داعیہ 35

یونین کونسل کرال، تحصیل وضلع اسلام آباد

اس گاؤں میں عزاداری کی بنیاد سائیں بھاگ مرحوم ولد فیروز خان مرحوم نے رکھی۔ مرحوم کے مکان پر تقریبا ۱۹۵۲ء سے ہر سال ۲۳ مارچ کو مخصوصی مجلس منعقد ہوتی ہے اور بعد از مجلس جلوس عزا سائیں بھاگ مرحوم کے گھر سے برآمد ہوکر حسین آباد کے امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔ اس گاؤں میں عزاداری کے فروغ میں راجہ جہانداد مرحوم کی بہت زیادہ خدمات ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے۔ اس گاؤں میں مختلف اوقات میں بھی مجالس عزا منعقد ہوتی رہتی ہیں۔ آج کل سائیں بھاگ مرحوم کے فرزند محمد انور اس سلسلے کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

پنڈ سنگریال (سیکٹر D-13)

36

مسجد و امام بارگاہ حضرت امام علی نقیؑ

پنڈ سنگریال، تحصیل وضلع اسلام آباد

اس مقام پر مسجد، امام بارگاہ اور مدرسہ حسینؑ ابن علیؑ کے لئے دو سال قبل سید اکبر شاہ ولد سید گلاب شاہ نے ۱۹۹۸ء میں ایک کنال زمین وقف کر کے چار دیواری تعمیر کر دی ہے۔ اس کا سنگ بنیاد مولانا آغا سید حامد علی شاہ موسوی

نے ۲۴ ذوالحجہ ۱۴۱۰ھ بمطابق ۱۸ جولائی ۱۹۹۰ء کو رکھا تھا۔

اس مقام پر عزاداری کا سلسلہ تقریباً چالیس سال سے جاری ہے۔ عشرہ محرم الحرام کی مجالس یکم محرم تا ۸ محرم رات کے وقت منعقد ہوتی ہیں۔ ۷ محرم کی رات جلوس مہندی اور ۸ محرم کی رات کو جلوس علم اور جھولا علی اصغرؑ برآمد ہوتے ہیں جبکہ ۹ محرم کو دن کے وقت جلوس علم اور ذوالجناح برآمد ہو کر گاؤں کا چکر لگاتا ہے۔ یہ جلوس روایتی ہے۔ اس موقع پر مجلس عزا بھی منعقد ہوتی ہے۔ اس گاؤں میں ہر سال ۵ محرم الحرام کو بھی ایک مجلس عزا منعقد ہوتی ہے جس کی بنیاد ملک لال خان مرحوم نے رکھی تھی۔ علاوہ ازیں ملک صادق حسین کے گھر بھی ہر سال ۶ محرم کو ایک مجلس عزا منعقد ہوتی ہے اور جلوس عزا بھی برآمد ہوتا ہے۔ سال میں خواتین کی چند مجالس بھی منعقد ہوتی ہیں۔ انجمن سادات بخاری پنڈ سنگریال عزاداری کا انتظام سنبھالے ہوئے ہے۔

پنڈوری سیداں

مسجد ابوذر غفاریؓ

37

ڈاکخانہ بھبر تراڑ، فیڈرل ایریا، تحصیل و ضلع اسلام آباد

یہاں پر عزاداری کی بنیاد سید سرور حسین شاہ اور سید مرید حسین شاہ مرحوم نے رکھی۔ یہاں پر صفر کے مہینے میں مخصوص مجلس منعقد ہوتی ہے۔ ۲۷ صفر کو صرف جلوس جبکہ ۲۸ صفر کو مجلس عزا اور پھر بعد میں جلوس عزا برآمد ہوتا ہے۔ علم اور شبیہ ذوالجناح کا جلوس سائیں کالا کے گھر سے برآمد ہو کر گاؤں کا چکر لگاتا ہے۔ یہاں پر عزاداری کی ابتدا تو قیام پاکستان سے قبل ہو گئی تھی لیکن موجودہ تاریخیں بعد میں مقرر کی گئی ہیں۔

حال ہی میں دینی امور کے لئے انجمن شہزادہ علی اکبر تشکیل دی گئی ہے۔ فی الحال مجلس سید مرید حسین شاہ مرحوم کے فرزند سید عابد حسین شاہ کے گھر منعقد ہوتی ہے۔ سید عابد حسین شاہ نے ۳ کنال زمین امام بارگاہ و مسجد کے لئے وقف کرنے کا پروگرام بنایا ہے۔ خداوند کریم ان کی توفیقات میں اضافہ فرمائے۔ اس گاؤں میں پہلے سے ایک مسجد بھی موجود تھی جو بہت بوسیدہ ہو گئی تھی اس لئے اسے شہید کر کے اس وقف شدہ رقبے میں نئی مسجد تعمیر کی گئی ہے جس کا رقبہ ۵ مرلے ہے۔ یہاں پر سادات مومنین کے دس گھر آباد ہیں۔

پیہونٹ

38

حیدری آباد داخلی پیہونٹ، تحصیل و ضلع اسلام آباد

قدرت الٰہی حیدری 051-2207512

اس گاؤں میں مجلس عزا کا آغاز ۱۹۴۰ء میں سائیں پنوں اور محمد شفیع حیدری نے کیا جبکہ با قاعدہ طور پر ۱۹۶۰ء سے ۲۹ محرم الحرام کی سالانہ مخصوصی مجلس کا انعقاد شروع ہوا۔ یہاں سے جلوس علم و ذوالجناح بھی برآمد ہوتا ہے۔ اس مجلس کے بانی نائب صوبیدار (ریٹائرڈ) قدرت الٰہی حیدری ہیں ۱۹۹۱ء سے ایک پروگرام بسلسلۂ میلادالنبیؐ بتاریخ ۱۷ ربیع الاول بھی شروع کیا گیا ہے جس میں مختلف مسالک کے علماء سیرت طیبہ آنحضرتؐ پر روشنی ڈالتے ہیں۔

ترلائی کلاں

39

جامع مسجد و امام بارگاہ قصرِ خدیجۃ الکبریٰؑ

ترلائی کلاں، تحصیل و ضلع اسلام آباد

خطیب: مولانا راجہ بشارت حسین امامی 051-2240341

یہ مسجد ۱۹۸۶ء میں تعمیر ہوئی۔ مسجد و امام بارگاہ کا کل رقبہ ایک کنال ۵ مرلے ہے۔ یہ زمین دینی امور کے لئے وقف عام کی گئی ہے اور اس کے لئے کچھ اور رقبہ بھی حاصل کیا گیا ہے۔ تادم تحریر یہ رقبہ ایک کنال ساڑھے گیارہ مرلے ہو چکا ہے۔ مسجد بالائی منزل پر ہے۔ یہاں پر نمازِ جمعہ بھی قائم ہوتی ہے۔ مسجد کے ساتھ ایک لائبریری بھی موجود ہے جس میں کثیر مالیت کی کتب موجود ہیں۔ اس مسجد میں خطیبِ مسجد کی رہائش کا بھی انتظام ہے۔

پہلی منزل بطور امام بارگاہ استعمال ہوتی ہے جہاں پر ۲۹ محرم، رجب کے پہلے اتوار اور ۲۳ رمضان المبارک کو مخصوصی پروگرام ہوتے ہیں اور جلوس عزا بھی برآمد ہوتے ہیں جو کہ روایتی ہیں۔ یہاں پر درس کے لئے ۵ کمرے تعمیر کئے گئے ہیں۔ تمام سادات و مومنین مل اس ادارے کے دینی امور کو چلا رہے ہیں۔

۴. امام بارگاہ (قدیمی)

ترلائی کلاں، تحصیل و ضلع اسلام آباد

051-2240211

۱۸۸۵ء میں سائیں نور مرحوم نے چھوٹے چھوٹے دو کمرے سید لال شاہ ولد سید مبارک شاہ کے ہاتھ عزاداری امام حسینؑ کے لئے وقف کئے اور خود اپنی اہلیہ کے ساتھ سید لال شاہ کے گھر میں سکونت پذیر ہو گئے۔ کچھ عرصہ بعد گاؤں کے ساتھ ہی ایک آبادی موہڑہ کے سید نعمت شاہ نے سید لال شاہ کے ساتھ مل کر جلوس ذوالجناح برآمد کیا تو اس وقت چوہدری لال خان نمبردار ترلائی کلاں بھی عزاداری میں شریک ہو گئے جس کی وجہ سے جلوس عزا گاؤں کے عین وسط میں واقع چوہدری لال خان کے گھر سے نکلنا شروع ہو گیا۔ یہاں سے ۷ محرم کو مہندی کا جلوس، ۵ محرم کی رات کو جلوس علم اور ۵ محرم دن کو جلوس ذوالجناح برآمد ہونے لگے۔ چوہدری لال خان کے انتقال کے بعد ان کی بیوہ نے غیر شیعہ سے نکاح کر لیا۔ اس کے بعد مذہبی اختلافات شروع ہو گئے اور اس گھر سے جلوس نکلنا بند ہو گئے۔ بعد میں اسی گاؤں کے سرے پر واقع سید لال شاہ کے برادر نسبتی مولوی علی حیدر شاہ کے گھر سے تینوں جلوس نکلنا شروع ہو گئے جو تا حال جاری و ساری ہیں۔

سید لال شاہ کے انتقال کے بعد ان کے بڑے فرزند میر اکبر شاہ نے یہ ذمہ داری سنبھال لی۔ اس وقت ان کے چھوٹے فرزند کیپٹن سید رضا علی شاہ آرمی میں ملازمت کر رہے تھے۔ ۴۶-۱۹۴۵ء کے دوران میر اکبر شاہ انتقال کر گئے ۱۹۴۷ء میں کیپٹن سید رضا علی شاہ جاپان سے پاکستان (کراچی) پہنچے تو سیدھے اپنے گاؤں آئے۔ اس وقت محرم کے ایام تھے۔ انہوں نے سرکاری حکام سے مل کر تینوں جلوسوں کے باقاعدہ لائسنس حاصل کر لئے۔ ۱۹۶۰ء میں کیپٹن صاحب فوج سے ریٹائر ہو کر وطن پہنچے تو یہ لائسنس ان کے بھتیجے میر اکبر شاہ کے فرزند امیر اختر شاہ کے نام منتقل ہو گئے۔ اسی سال کیپٹن سید رضا علی کے ہاں پہلا بیٹا سید محمد علی شاہ پیدا ہوا۔ اس کی پیدائش پر کیپٹن صاحب کے پھوپھی زاد سید دلاور شاہ نے ۸ مرلے ذاتی زمین سید محمد علی شاہ کے نام امام بارگاہ کے لئے رجسٹر کروائی۔ ۹۸-۱۹۹۷ء میں سید محمد علی شاہ کی ہمشیرہ زبیدہ خاتون نے سوا دو لاکھ روپے امام بارگاہ کی تعمیر کے ارسال کئے جس سے امام بارگاہ کی تعمیر نو کی گئی۔ اس وقت یہ امام بارگاہ انتہائی خوبصورت انداز میں دو منزلہ عمارت کی صورت میں مکمل ہو چکی ہے۔ اس امام بارگاہ کی تعمیر میں چوہدری اقبال ممبر نے ایک ہزار روپے، ماسٹر ستار علی مرحوم کی بیٹی اور داماد نے تین ہزار روپے اور ایک مومنہ تاج بی بی نے پانچ سو روپے مرحمت فرمائے۔

امام بارگاہ کے متولی امیر اختر شاہ کے انتقال کے بعد عزاداری کے لائسنس ان کے فرزند سید محمود علی شاہ کے پاس ہیں۔ یہاں پر ۵ محرم الحرام کو مخصوصی مجلس عزا ہوتی ہے اور جلوس علم و ذوالجناح برآمد ہوتے ہیں جبکہ ربیع الاول کے پہلے

جمعہ کو ایک اور مجلس عزا بھی منعقد ہوتی ہے۔ جس میں ایک جلوس عزا ماسٹر ستار علی مرحوم کے گھر سے برآمد ہو کر امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔ یہ جلوس روایتی ہے۔

۹۱ امام بارگاہ جدید

ترلائی کلاں، تحصیل و ضلع اسلام آباد

051-2242122

امام بارگاہ کی تعمیر سے قبل یہ جگہ قطب دین مرحوم کا جدی مکان تھا جو یہاں پر پہلے پہلے اصولی شیعہ تھے۔ ان کے انتقال کے بعد ان کے فرزندان سائیں فضل دین اور افسر مرحوم نے ۱۹۵۸ء میں اس مکان کو امام بارگاہ کے لئے وقف کر دیا جس کی رجسٹری بھی ہو چکی ہے۔ اس کا رقبہ ۱۲ مرلے ہے۔ اس امام بارگاہ میں ایک ہال مسجد کے لئے بھی تعمیر کیا گیا ہے۔

اس امام بارگاہ میں یکم محرم تا ۵ محرم رات کو مجالس منعقد ہوتی ہیں۔ ۷ اصفر کو اذکار جعفری کے گھر سے جلوس علم برآمد ہو کر سید ساجد حسین کاظمی کے گھر سے ہوتا ہوا اسی امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتا ہے اور پھر مجلس کا آغاز ہوتا ہے۔ مجلس کے اختتام پر عصر کے وقت جلوس علم برآمد ہوتا ہے جو مقررہ راستوں سے گزرتا ہوا اسی امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔ یہ سلسلہ ۱۹۶۵ء سے جاری ہے۔ یہ جلوس لائسنس یافتہ ہے۔ یہ لائسنس ۶۸۔ ۱۹۶۷ء کو جاری ہوا جو کہ سید عاشق حسین شاہ کے نام ہے۔ علاوہ ازیں ۲۱ رمضان کو مجلس عزا اور ماتم داری و لنگر کا اہتمام ہوتا ہے۔ یہ پروگرام قطب دین مرحوم نے اپنی زندگی میں آج سے تقریباً ۱۰۰ سال قبل شروع کیا تھا۔ اس امام بارگاہ میں گذشتہ ۹ سال سے نماز عیدالاضحیٰ ادا کی جا رہی ہے۔

سائیں فضل دین اس امام بارگاہ کے متولی ہیں لیکن انتظامی امور کو ڈاکٹر سید قمر الحسنین ولد سید سجاد حسین شاہ مرحوم چلاتے ہیں۔

تیور شاہ سیداں

۹۲ جامع مسجد امام رضاؑ

سب پوسٹ آفس پیہونٹ، تحصیل و ضلع اسلام آباد

اس مسجد کے بانی سید امام شاہ مرحوم تھے۔ مسجد کا کل رقبہ تقریباً ۵ مرلے ہے۔ اس کی تعمیر ۱۹۶۰ء میں ہوئی۔ آج کل اس مسجد کی تھوڑی بھی توسیع بھی کی گئی ہے۔ جس کی بنا پر اب مسجد کا رقبہ ۶ مرلے ہو گیا ہے۔ یہاں پر نماز جمعہ ادا کی جاتی

ہے۔ بچوں کو قرآن و دینیات پڑھانے کا بھی باقاعدہ انتظام ہے۔ اس مسجد میں نمازِ عیدین بھی ادا کی جاتی ہے۔ مولانا سید فخر عباس ہمدانی پیش نمازی کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ یہ پورا گاؤں شیعہ آبادی پر مشتمل ہے۔

امام بارگاہ 43

تیوماہ سیداں، سب پوسٹ آفس پیہونٹ، تحصیل وضلع اسلام آباد

اس امام بارگاہ کے لئے سید اکبر حسین شاہ مرحوم نے ۵ مرلے زمین وقف کی جس کی چار دیواری مکمل کر کے علم پاک نصب کر دیا گیا ہے۔ اس مقام پر ۴ سال سے عشرہ محرم الحرام مقامی طور پر منعقد ہو رہا ہے۔ عشرہ کی مجالس و ماتم داری رات کے وقت منعقد ہوتی ہیں۔ یہاں سے ۷ محرم کو مہندی کا جلوس نکلتا ہے جبکہ ۲۵ صفر کو چہلم کی مجلس کے موقع پر جلوس علم و ذوالجناح برآمد ہوتے ہیں۔ یہ مجلس سید اختر حسین کاظمی کے زیر اہتمام منعقد ہوتی ہے۔ ۴ شعبان کو جشن ولادت حضرت عباسؑ منایا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں سید برکت حسین شاہ کے زیر اہتمام ۲۸ ذی الحجہ کو بھی سالانہ مجلس عزا منعقد ہوتی ہے۔

44 مزار پیر سید مہر علی شاہ کاظمیؒ سخی مشہدی سرکار

(باغ سیداں) نزد تیرماہ، داخلی پیہونٹ، تحصیل وضلع اسلام آباد

آپ ایک نیک، دیندار، نماز روزہ کے پابند انسان اور محب محمد و آلِ محمد علیہم السلام ہونے کے علاوہ مسلمانوں کے تمام مسالک کے لوگوں میں مقبول اور ہردلعزیز تھے۔ آپ کے مزار کا کل رقبہ قبرستان کو ملا کر ایک کنال ہے۔ یہاں پر ہر سال ۱۳ رجب کو جشن منایا جاتا ہے۔ مزار کے منتظم سید رضا حسین کاظمی ولد سید صابر حسین شاہ مرحوم ہیں۔

ٹھلہ سیداں (سیکٹر G-14)

45

امام بارگاہ

ٹھلہ سیداں، تھانہ ترنول، تحصیل وضلع اسلام آباد

اس گاؤں میں عزاداری کی بنیاد ۱۹۲۰ء کے لگ بھگ سید محمد اسلم شاہ ولد سید الف شاہ مرحوم نے رکھی۔ مرحوم کا انتقال ۱۴ ستمبر ۱۹۸۲ء بمطابق ۲۵ ذیقعدہ ۱۴۰۲ھ بروز منگل ہوا۔ البتہ اس عزاداری میں اس خاندان کی خواتین چن بی بی اور عجب بی بی کا بھرپور تعاون بھی شامل ہے۔ یہاں پر دو امام بارگاہیں ہیں۔ ایک پرانی امام بارگاہ جو بہت عرصہ پہلے تعمیر ہوئی۔ اس کا کل رقبہ ۷ کنال ہے۔ اس میں قبرستان بھی شامل ہے۔ یہ عمارت اب بوسیدہ ہو چکی ہے۔ اب آٹھ سال

قبل ایک نئی امام بارگاہ اور مسجد کی تعمیر کی گئی ہے جس سے ملحق ایک وسیع قبرستان بھی ہے۔اسی قبرستان میں سید محمد اسلم شاہ مرحوم اوران کے والد سید الف شاہ مرحوم کے مزارات بھی ہیں۔اس امام بارگاہ' مسجد اور قبرستان کا کل رقبہ ۱۵ کنال کے قریب ہے۔اس امام بارگاہ کو سید محمد اسلم شاہ مرحوم کے فرزندان سید غلام شبیر شاہ' سید غلام عباس علی شاہ' سید عنایت علی شاہ اور سید امیر علی شاہ نے مل کر تعمیر کیا۔اس کی تعمیر میں ان حضرات کی ہمشیرہ امام خاتون کا بھی بڑا حصہ ہے۔سید غلام عباس علی شاہ گاؤں کے نمبردار بھی ہیں البتہ مذہبی امور کی زیادہ ذمہ داری سید عنایت علی شاہ سنبھالے ہوئے ہیں۔اس امام بارگاہ میں ایک عظیم علم مبارک نصب کیا گیا ہے جو بہت ہی قیمتی اور خوبصورت ہے۔

یہاں پر منایا جانے والا عشرۂ محرم بڑا قدیمی ہے۔مخصوصی مجلس ۸ محرم کو منعقد ہوتی ہے۔جلوس علم' ذوالجناح سادات اور مومنین کے گھروں سے برآمد ہو کر امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔یہ جلوس روایتی ہے۔اس کے علاوہ ۲۴ صفر کو بہت بڑی مخصوصی ہوتی ہے جس میں دیگر مقامات کے ماتمی دستے شرکت کرتے ہیں۔اس گاؤں میں ایک بڑی وسیع اور قدیم مسجد بھی ہے جس کو سادات نے تعمیر کیا تھا۔یہ مشترکہ مسجد ہے جس میں دونوں مسالک کے لوگ نماز ادا کرتے ہے۔اس گاؤں میں بن کے نزدیک مزار اجی سید مبارک شاہ سے ملحق ایک مسجد بھی تعمیر کی گئی ہے جس میں دونوں مسالک کے لوگ نماز ادا کرتے ہیں۔عنقریب اس مقام ایک امام بارگاہ کی تعمیر کا پروگرام بھی ہے۔

46 ٹھنڈا پانی

تحصیل وضلع اسلام آباد

اس گاؤں میں عزاداری کا آغاز ۱۹۸۷ء میں ہوا۔اس گاؤں میں سالانہ مجلس عزا ۲۷ محرم کو سید عابد حسین شاہ ولد سید اصغر حسین شاہ مرحوم کے زیر اہتمام منعقد ہوتی ہے جس میں جلوس علم بھی برآمد ہوتا ہے۔یادرہے سرکاری کاغذات میں اس گاؤں کا نام ہرنو ٹھنڈا پانی ہے۔

47 جابہ تیلی

ڈاکخانہ ترلائی کلاں' تحصیل وضلع اسلام آباد

یہاں پر امام بارگاہ کے لئے جگہ وقف ہے۔۱۶ محرم الحرام کو مخصوصی مجلس ہوتی ہے۔جس کا آغاز ۱۹۶۰ء کے لگ بھگ ہوا۔عزاداری کی بنیاد سید فدا حسین گردیزی مرحوم' سید زوار حسین گردیزی مرحوم اور سید زیارت حسین گردیزی مرحوم نے رکھی۔یہ پروگرام تنظیم سادات گردیزی کے تحت انجام پاتا ہے۔اس مقام پر باقاعدہ طور پر امام بارگاہ کی تعمیر کا منصوبہ بھی ہے۔

جھنگ سیداں

48

مسجد و (شبیہ) روضہ امام حسینؑ

جھنگ سیداں لہتر اڑ روڈ' اسلام آباد

051-2242120

جناب پروفیسر سید بخشش عباس رضوی قائم مقام چیئرمین ابوتراب ٹرسٹ نے ۱۰ کنال زمین جو ۶ ہزار مربع گز بنتی ہے CDA سے ۱۹۸۳ء میں قیمتاً الاٹ کروائی اور اس پر ایک ضریح مبارک امام حسینؑ تعمیر کروائی۔ اس ٹرسٹ کے پہلے چیرمین جناب ڈاکٹر سید اجمل حسین مرحوم تھے۔ آپ کے انتقال کے بعد پروفیسر صاحب اس ٹرسٹ کے قائم مقام چیرمین کے طور پر کام کررہے ہیں۔ ڈاکٹر سید اجمل حسین مرحوم نے اس مرکز کی تعمیر کے لئے ۵ لاکھ روپے نقد اور ایک لاکھ روپے کا سریہ بطور عطیہ مرحمت فرمایا۔ اس کا نقشہ خود پروفیسر صاحب نے بنایا۔ یہ روضہ لہتر اڑ روڈ پر سلطانہ فاؤنڈیشن کے قریب واقع ہے۔ یہاں پر ہر سال ۱۴ محرم کو ایک سالانہ مخصوصی مجلس منعقد ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ بھی مجالس و محافل چند پروگرام منعقد ہونے کے علاوہ نمازِ عیدین بھی ادا کی جاتی ہے۔ بہت سے زائرین اس روضہ کی زیارت کے لئے آتے رہتے ہیں۔

محسن ملت' فخر قوم ڈاکٹر سید اجمل حسین رضوی مرحوم ابن سید تجمل حسین سامانوی مرحوم اسی جگہ مدفون ہیں۔ ڈاکٹر صاحب ۷ فروری ۱۹۹۸ء کو ۸۵ سال کی عمر میں اس دار فانی سے رحلت فرما گئے۔ خدا ان کی مغفرت فرمائے' آپ انتہائی نیک اور درد دل رکھنے والے انسان تھے۔ ابوتراب ٹرسٹ اس مرکز کے انتظام کو سنبھالے ہوئے ہے۔

جھنگی سیداں (سیکٹر H-14, H-15)

49

مسجد امام موسیٰ کاظمؑ

جھنگی سیداں، تحصیل و ضلع اسلام آباد

خطیب: مولانا سید محمد حسنین نقوی

051-4471337

اس مسجد کی بنیاد سید لال شاہ ولد سید محمد شاہ مرحوم نے رکھی۔ اس کی تعمیر ۱۸۹۰ء میں ہوئی۔ اس کا کل رقبہ ڈیڑھ کنال ہے۔ یہاں پر ۱۹۷۸ء سے نمازِ جمعہ قائم ہے۔ مسجد میں ایک مختصر لائبریری بھی موجود ہے۔ مسجد کی مجلسِ منتظمہ کے اہم رکن سید امجد حسین کاظمی ہیں۔ فقیر محمد اس مسجد کے خادم ہیں۔

اس مسجد میں ایک تہہ خانہ بھی موجود ہے جس میں زنانہ عشرہ یکم محرم تا ۹ محرم منعقد ہوتا ہے۔ گاہے بگاہے مردانہ مجالس بھی منعقد ہوتی رہتی ہیں۔

مسجد سادات جعفریہ

جھنگی سیداں، تحصیل و ضلع اسلام آباد

اس مسجد کے بانی سید قائم شاہ کے والد سید احمد علی شاہ مرحوم تھے۔ اس کی تعمیر ۱۸۸۰ء کے لگ بھگ ہوئی۔ یہ مسجد ایک کنال رقبہ پر محیط ہے۔ یہاں پر نمازِ عیدین باقاعدگی سے ادا کی جاتی ہیں۔ تمام سادات دیہہ مل کر اس مسجد کے انتظام کو چلاتے ہیں۔

امام بارگاہ سادات کاظمیہ

جھنگی سیداں، تحصیل و ضلع اسلام آباد

اس امام بارگاہ کے بانی سید قائم شاہ مرحوم ولد سید احمد علی شاہ مرحوم تھے۔ امام بارگاہ کے لئے زمین سید کرم حسین شاہ مرحوم نے دی تھی جبکہ تمام ساداتِ کاظمیہ نے مل کر اس کی تعمیر کی۔ تقریباً دو کنال رقبہ پر مشتمل اس امام بارگاہ کی باقاعدہ تعمیر ۱۹۲۵ء کے لگ بھگ ہوئی۔ اس میں ایک ہزار افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہے۔ یہاں پر عشرۂ محرم کے علاوہ مجالس ومحافل کے پروگرام بھی منعقد ہوتے رہتے ہیں۔ عزاداری کے روایتی جلوس ۷۔۹۔۱۰ محرم اور ۲۰ صفر کو نکلتے ہیں۔ جلوس عزا بلاول شاہ کے گھر سے برآمد ہو کر مختلف گھروں سے ہوتے ہوئے امام بارگاہ تک جاتے ہیں۔ یہاں پر ماہ صفر المظفر میں چہلم امام حسینؑ کے سلسلے میں پانچ روزہ زنانہ مجالس بھی منعقد ہوتی ہیں۔ سید قائم شاہ مرحوم کے پوتے سید ناصر عباس کاظمی ولد سید صفدر حسین شاہ مرحوم اس امام بارگاہ کے متولی ہیں۔

چکیاں

نئی آبادی گارڈنز د چکیاں، یونین کونسل سہالہ، فیڈرل ایریا، اسلام آباد

اس گاؤں میں گذشتہ سال راجہ محمد ضمیر جعفری کے تعاون سے محمد نذیر ولد محمد زمان کے مکان پر پہلی بار مؤرخہ ۲ جولائی ۲۰۰۰ء کو ایک مجلس عزا منعقد ہوئی جس میں ایک اہل سنت ماسٹر مشتاق احمد نے بھی معاونت کی۔ دعا ہے پروردگار عالم سب حضرات کی توفیقات میں اضافہ فرمائے۔ امید ہے انشاء اللہ آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

حسین آباد (موہڑہ اندھیاں)

علیؑ مسجد

حسین آباد (موہڑہ اندھیاں)، یونین کونسل سہالہ، تحصیل و ضلع اسلام آباد

یہ مسجد بہت قدیمی ہے۔اس کی تعمیر تقریبا سو سال قبل ہوئی۔اس کا کل رقبہ سات مرلے ہے۔مومنین کی اکثریت اس میں نماز ادا کرتی ہے۔آج کل مولانا عاشق حسین پیش نمازی کے فرائض سر انجام دے رہے ہیں۔

امام بارگاہ قصر سکینہ بنت الحسینؑ

حسین آباد (موہڑہ اندھیاں) یونین کونسل سہالہ، ضلع اسلام آباد

اس امام بارگاہ کا سابقہ نام نور محل تھا۔اس امام بارگاہ کا کل رقبہ ۲ کنال کے قریب ہے۔یہ زمین میراں مرحوم نے قیام پاکستان سے قبل راجہ جہانداد مرحوم کو امام بارگاہ کی تعمیر کے لئے دی۔راجہ صاحب مرحوم نے قیام پاکستان کے بعد انجمن غلامان حسنین کے زیر اہتمام اس امام بارگاہ کی تعمیر کی۔اس امام بارگاہ کے ساتھ ایک مکان بھی تعمیر کیا گیا ہے جس میں ایک مومن رہائش پذیر ہیں جو امام بارگاہ کی دیکھ بھال بھی کرتے ہیں۔

اس گاؤں میں عزاداری کی ابتدا ۱۹۳۵ء کے لگ بھگ ہوئی۔اس امام بارگاہ میں تقریبا ۳۵ سال سے محرم الحرام منایا جا رہا ہے۔۲۳ مارچ کو مخصوصی مجلس منعقد ہوتی ہے جو ۱۹۶۳ء سے جاری ہے۔اس مجلس کے دن جلوس علم، تعزیہ اور ذوالجناح برآمد ہوتے ہیں۔یہ جلوس سائیں بھاگ مرحوم کے گھر واقع پنڈ داعیہ یونین کونسل کرال سے برآمد ہو کر امام بارگاہ قصر سکینہ حسین آباد میں اختتام پذیر ہوتے ہیں۔یہ تمام جلوس روایتی ہیں۔سائیں بھاگ مرحوم کے انتقال کے بعد ان کے فرزند انور حسین سلسلہ عزاداری کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ ابتدائی طور پر اس گاؤں میں فضل حسین، فضل خان، اکبر علی اور سائیں بھاگ مرحوم چار افراد شیعہ تھے۔ان لوگوں کی محنتوں، کوششوں اور تبلیغ کے نتیجے میں شیعت پھیلتی چلی گئی اور آج بحمد اللہ مومنین کی اچھی خاصی تعداد اس گاؤں میں آباد ہے۔نیز اس بات کا تذکرہ کرنا بے جا نہ ہوگا کہ سہالہ فیڈرل ایریا اسلام آباد میں واقع ہے اور اس کے اردگرد کے دیہاتوں میں شیعت کی تبلیغ اور عزاداری کے فروغ کے سلسلے میں راجہ جہانداد مرحوم کی خدمات نا قابل فراموش ہیں۔راجہ صاحب تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے سیکرٹری مالیات بھی رہے ہیں۔خدا ان کے درجات بلند فرمائے۔
علاوہ ازیں باوا سید کرم حسین شاہ مرحوم آف چوہڑ ہرپال نے بھی اس علاقے میں کافی تبلیغ کی۔یاد رہے کہ راجہ جہانداد

مرحوم سے قبل ان کے نانا مرحوم نے بھی عزاداری کے فروغ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔شکر اللہ سعیھم۔

دھروالہ

55

تحصیل و ضلع اسلام آباد

یہاں پر باقاعدہ امام بارگاہ نہیں ہے صرف سادات کے دو گھر ہیں لیکن مجلس عزا کا سلسلہ چالیس سال سے جاری ہے۔اس گاؤں میں عزاداری کا آغاز سید تجمل حسین شاہ کے تایا سید حسین شاہ نے کیا۔

دھریک موری (سیکٹر F-12)

56

ڈاکخانہ گولڑہ شریف، تحصیل و ضلع اسلام آباد

اس گاؤں میں ہر سال ۲۴ صفر المظفر کو مرزا خان ولد فضل خان کے زیر انتظام تقریباً ۱۵ سال سے ایک سالانہ مجلس عزا منعقد ہو رہی ہے جس کی تاریخ موقع محل کے مطابق طے کر لی جاتی ہے۔

ڈھلیالہ

57

شیعہ جامع مسجد

ڈھلیالہ یونین کونسل کرال، ضلع اسلام آباد

یہ بڑی قدیمی مسجد ہے۔اس مسجد کو تعمیر ہوئے تقریباً ۱۰۰ سال گذر ہو چکے ہیں۔اس مسجد کا کل رقبہ ڈیڑھ کنال ہے۔اس کی پہلی تعمیر محمد تاج جعفری کے پردادا جیا مرحوم نے کی۔اس مسجد میں نماز جمعہ ادا کی جاتی ہے۔پہلے اس مسجد کا انتظام اہل سنت کے ہاتھ میں تھا اور وہی اس کے بانی تھے لیکن اب اس مسجد کا مکمل انتظام مومنین کے پاس ہے اور فقہ جعفریہ کے مطابق نماز ادا کی جاتی ہے۔مولانا سید سجاد حسین گردیزی خطابت کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔تمام اہل دیہہ مل کر اس مسجد کے انتظام کو چلاتے ہیں۔اس گاؤں میں مومنین کی اچھی خاصی تعداد آباد ہے۔

امام بارگاہ

58

ڈھلیالہ یونین کونسل کرال، ضلع اسلام آباد

اس امام بارگاہ کی تفصیلات بیان کرنے سے پہلے اس گاؤں میں شیعت کی تاریخ پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔شروع شروع میں اس گاؤں کے تمام لوگ اہل سنت مسلک سے تعلق رکھتے تھے اور سید معظم شاہ جھلیاری کے مرید تھے۔انہی

بزرگوار کی وجہ سے تین گھر شیعہ ہو گئے۔ یہ افراد سائیں بہادر ان کے فرزند فضل حسین اور علی مردان تھے۔ ان کے بعد محمد نواز اور محمد تاج شیعہ ہوئے۔ ان لوگوں کا تعلق عباسی قوم سے تھا۔ انہی ابتدائی ایام میں ملک خاندان سے ملک محمد شفیع شیعہ ہوئے۔ اس کے بعد محمد شفیع عباسی نے مسلک اثناعشری اختیار کیا اور لکھنؤ میں ہونے والے مذہبی ایجی ٹیشن میں شریک ہوئے۔ اس سلسلے میں انہیں قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنا پڑیں۔ رفتہ رفتہ اب تک اس گاؤں کے ۷۰ فیصد لوگ مذہب جعفری اختیار کر چکے ہیں۔

اس امام بارگاہ کا کل رقبہ ۲ کنال ہے۔ ایک کنال پر امام بارگاہ تعمیر کیا گیا ہے جبکہ ایک کنال رقبہ تعمیر مسجد کے لئے وقف کیا گیا ہے۔ اس کی چار دیواری بن چکی ہے۔ یہ زمین منصب دار کے فرزندان محمد نواز مرحوم اور محمد تاج جعفری نے وقف کی۔ اس امام بارگاہ کی تعمیر میں گاؤں کے تمام مومنین نے حصہ لیا۔ امام بارگاہ کی تعمیر ۴۰ سال قبل ہوئی۔

اس گاؤں میں تقریباً سو سال سے عزاداری کا سلسلہ جاری ہے۔ اس کی ابتدا محمد تاج جعفری کے دادا مرحوم نے کی۔ یہاں پر ایک مخصوصی مجلس ۶ محرم کو ہوتی ہے جس کے بانی محمد تاج جعفری اور ان کے اعزہ ہیں اور دوسری مخصوصی مجلس ۱۲ صفر کو منعقد ہوتی ہے جس میں گاؤں کے سب لوگ حسب توفیق حصہ ملاتے ہیں۔ مجالس کے دوران مختلف مومنین کے گھروں سے جلوس علم اور ذوالجناح برآمد ہوتے ہیں' خاص طور پر ملک محمد شفیع کے گھر سے ۱۱ محرم کو رات ۸ بجے جلوس علم برآمد ہوتا ہے جبکہ ماسٹر ملازم حسین ولد محمد شفیع اور گل خان مرحوم کے گھر سے ۱۲ صفر صبح ۸ بجے جلوس علم برآمد ہوتا ہے۔ شام کو لیاقت حسین ولد محمد انور' میجر محمد ریاض' عاشق حسین اور نازک حسین پسران علی مردان کے گھروں سے جلوس ہائے علم مبارک برآمد ہوتے ہیں جبکہ محمد نواز اور محمد تاج کے گھروں سے جلوس ہائے علم و ذوالجناح بھی برآمد ہوتے ہیں۔ تمام جلوس روایتی ہیں۔

59 مدرسہ حجت ابن الحسنؑ

ڈھلیالہ' یونین کونسل کرال' ضلع اسلام آباد

اس گاؤں میں ۸ کنال زمین بنام ''مدرسہ حجتؑ ابن الحسنؑ'' وقف کر دی گئی ہے۔ یہ زمین علی مردان کے فرزندان میجر محمد ریاض' عاشق حسین اور نازک حسین نے وقف کی ہے۔ خداوند کریم بطفیل محمد و آل محمد علیہم السلام ان حضرات کی توفیقات میں اضافہ اور انہیں اجر جزیل مرحمت فرمائے۔ آمین۔

ڈھوک شیعاں

مسجد

60

ڈھوک شیعاں المعروف (ڈھوک مثالچی)، داخلی گا گھڑی، ڈاکخانہ سہالہ، تحصیل و ضلع اسلام آباد

یہ مسجد بہت قدیم ہے۔ ابتدائی طور پر لودھی پٹھان قبیلے کے افراد جو سب کے سب شیعہ تھے نے اس مسجد کی بنیاد تقریباً ۱۸۶۰ء میں رکھی۔ اس مسجد کا کل رقبہ ایک کنال ہے۔

امام بارگاہ

61

ڈھوک شیعاں المعروف (ڈھوک مثالچی)، داخلی گا گھڑی، ڈاکخانہ سہالہ، تحصیل و ضلع اسلام آباد

اس گاؤں میں ۱۸۸۰ء کے لگ بھگ عزاداری کا آغاز ہوا۔ اس کے بعد امام بارگاہ کی تعمیر کی گئی۔ امام بارگاہ کا کل رقبہ ایک کنال سے زائد ہے۔ امتیاز علی کے والد گلاب خان ولد نادر خان نے امام بارگاہ کے لئے زمین وقف کی جن کا انتقال ۵ دسمبر ۱۹۶۳ء کو ہوا۔

اس گاؤں میں بنیادی طور پر عزاداری اس وقت شروع ہوئی جب راجہ جہانداد مرحوم کے نانا سائیں غلام محمد سرگدھن ضلع جہلم سے اس گاؤں میں منتقل ہوئے۔ مرحوم ایک فقیر منش انسان تھے۔ انہوں نے کافی سعی و کوشش کے بعد اس گاؤں میں عزاداری کی بنیاد رکھی۔ اس کے بعد گردونواح کے دیہات والوں نے اپنے اپنے دیہاتوں میں عزاداری امام مظلوم شروع کی۔ اس سلسلے میں راجہ جہانداد مرحوم نے دل کھول کر مالی معاونت کی۔

یہاں پر ہر سال ۷ محرم اور ۸ محرم کو مخصوصی مجالس عزا منعقد ہوتی ہیں۔ ۸ محرم کو مجلس کے ساتھ جلوس عزا بھی برآمد ہوتا ہے جو پورے گاؤں کا چکر لگاتا ہے۔ اس عزاداری کے انتظامات انجمن جعفریہ کرتی ہے۔

نور محل

62

ڈھوک شیعاں المعروف (ڈھوک مثالچی)، داخلی گا گھڑی، ڈاکخانہ سہالہ، تحصیل و ضلع اسلام آباد

اس مقام پر عزاداری کی بنیاد ۱۳۱۸ھ میں رکھی گئی۔ اس امام بارگاہ کی تعمیر ۱۹۲۵ء میں ہوئی۔ اس امام بارگاہ کا کل رقبہ ۲ امرلے ہے۔ اس کے بانی سائیں مشتاق علی کے والد سائیں غلام احمد تھے۔ اس کا ایک کمرہ صحیح حالت میں ہے جبکہ بقیہ کمرے بوسیدہ ہو چکے ہیں۔ اس کی تعمیر نو کا پروگرام ہے۔ یہاں پر ۲۱ محرم اور ۲۱ رمضان کو مخصوصی منائی جاتی ہیں

جس میں جلوس عزا بھی برآمد ہوتے ہیں۔ ۲۱ رمضان کی مجلس اور جلوس رات کے وقت ہوتے ہیں۔ اس عزاداری کے انتظامات سائیں مشتاق علی چلاتے ہیں۔

سنڈے مار

مسجد اثنا عشری 63

سنڈے مار ڈھوک سیداں، داخلی سرائے خربوزہ، تحصیل وضلع اسلام آباد

اس مسجد کا کل رقبہ ۸ مرلے کے قریب ہے۔ اس کی پہلی تعمیر تقریباً سو سال قبل ہوئی جبکہ ۱۳ سال قبل سید مرید حسین شاہ نے برادری کے ساتھ مل کر اس کی تعمیر نو کروائی۔ شاہ صاحب خود ہی اس مسجد کے منتظم ہیں۔ ڈھوک کی ساری آبادی نقوی سادات سے تعلق رکھنے والے شیعیان حیدر کرار پر مشتمل ہے۔

امام بارگاہ 64

سنڈے مار ڈھوک سیداں، داخلی سرائے خربوزہ، تحصیل وضلع اسلام آباد

اس گاؤں میں تقریباً ۳۰ سال سے عزاداری ہو رہی ہے۔ سالانہ مخصوصی مجلس بھی ہوتی ہے جس کی تاریخ موقع ومحل کے مطابق مقرر کی جاتی ہے۔ اس موقع پر جلوس علم مبارک وجھولا بھی برآمد ہوتے ہیں۔ یہاں پر خواتین تقریباً ۲۰ سال سے اپنا علیحدہ عشرہ منعقد کر رہی ہیں۔ خواتین کی مجالس رات کے وقت منعقد ہوتی ہیں۔ یہ مجالس ۸ محرم کو ختم ہو جاتی ہیں۔

اس گاؤں میں گذشتہ سال ۲۰۰۰ء میں حاجی سید گل حسین شاہ اور سید پھول حسین شاہ فرزندان سید مدد شاہ نے امام بارگاہ کے لئے ایک کنال زمین وقف کر دی ہے۔ اس کی چاردیواری تعمیر ہو رہی ہے اور آئندہ سال مجالس امام بارگاہ میں منعقد کروانے کا پروگرام ہے۔

سنگ جانی (سیکٹر C-16)

امام بارگاہ سادات 65

سنگ جانی تھانہ ترنول، تحصیل و ضلع اسلام آباد

سید عابد حسین شاہ 051-2296222

اس گاؤں میں عزاداری کی بنیاد سید علی حیدر شاہ ولد سید امیر حیدر شاہ نے تقریباً ۹۰ سال پہلے رکھی۔ مرحوم کا انتقال ۱۹۲۳ء میں ہوا۔ شروع میں مجالس سید علی حیدر شاہ مرحوم کے گھر پر ہی منعقد ہوتی تھیں بعد میں ان کے فرزند سید صفدر علی شاہ مرحوم نے ۱۹۴۵ء میں اپنی ذاتی زمین پر امام بارگاہ تعمیر کیا اور مجالس گھر سے امام بارگاہ منتقل ہو گئیں۔ محرم کی مجالس عرصۂ قدیم سے رات کے وقت منعقد ہوتی ہیں۔ محرم کے علاوہ بھی سال میں وقتاً فوقتاً مجالس و محافل کا انعقاد جاری رہتا ہے۔

جلوس عزا سید علی حیدر شاہ مرحوم کی حویلی سے برآمد ہو کر امام بارگاہ سے ہوتا ہوا باہر میدان میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔ جلوس عزا ۲ بجے سے شام ۵ بجے تک جاری رہتا ہے۔ یہ جلوس لائسنس یافتہ ہے۔ لائسنس ۱۹۵۸ء میں جاری ہوا جو سید صفدر علی شاہ مرحوم اور سید مظفر علی شاہ کے نام ہے۔ نئی آبادی سے مہندی اور جھولا علی اصغرؑ کے جلوس شب عاشور کو سید عابد حسین شاہ کے گھر سے برآمد ہو کر امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتے ہیں۔ ۱۲ محرم کو مخصوصی کا جلوس نکلتا ہے۔ اس امام بارگاہ کے لئے غلام زہرہ مرحومہ نے ۶ دسمبر ۱۹۹۶ء کو ایک علم کا عطیہ دیا تھا جو اس امام بارگاہ میں نصب ہے۔

اس گاؤں کی مسجد سید عابد حسین شاہ کے والد نادر شاہ ولد سید جلال شاہ نے ۱۹۳۹ء میں تعمیر کروا کر اسے اللہ کے نام وقف کر دیا۔ اس کا رقبہ دو کنال ہے۔ اس مسجد میں دونوں مسالک کے لوگ نماز قائم کرتے ہیں۔ اس مسجد کی مزید تعمیر و توسیع ابھی جاری ہے۔ گاؤں میں مکمل مذہبی ہم آہنگی موجود ہے۔ گاؤں کی تمام زمین سادات کی ملکیت ہے۔

سوہان 66

نئی آبادی، المعروف علم والا محلہ، نزد نالہ کورنگ، سوہان، تحصیل و ضلع اسلام آباد

اس مقام پر سائیں ملک محمد نذیر ولد سائیں ملک لال خان ۱۹۸۷ء سے ہر سال ۲۳ محرم الحرام کو ایک مجلس عزا کا انعقاد کرتے ہیں۔ مجلس کے علاوہ ماتم داری بھی ہوتی ہے اور مقامی سطح پر ایک جلوس بھی برآمد ہوتا ہے۔

سہالہ

67 حیدری مرکزی امام بارگاہ ومسجد

سہالہ، فیڈرل ایریا، اسلام آباد

اس امام بارگاہ کے نام ۱۳ کنال دو مرلے زمین زوار کرم الٰہی مرحوم ولد محمد عبداللہ نے اپنی زندگی میں وقف کی۔ مرحوم کا انتقال ۱۹۶۲ء میں ہوا۔ اس رقبہ میں سے ۵ کنال ۱۳ مرلے رقبہ تعمیر شدہ ہے۔ اس امام بارگاہ کی تعمیر ۵۵۔۱۹۵۴ء کے دوران ہوئی۔ تعمیر شدہ رقبے میں مردانہ ہال کے علاوہ زنانے ہال، ۶ دوکانیں اور مسجد شامل ہیں۔ امام بارگاہ کا افتتاح سید شکیل رضوی کے دست مبارک سے ہوا جو پولیس ٹریننگ کالج سہالہ میں پرنسپل تھے۔ ۱۹۵۶ء میں عزاداری کا باقاعدہ آغاز ہوا اور عشرہ محرم الحرام بھی باقاعدگی سے منایا جانے لگا۔

اس مسجد کا رقبہ ۱۵ مرلے کے قریب ہے۔ یہاں پر نماز جمعہ باقاعدہ منعقد ہوتی ہے۔ مولانا سید عنایت حسین شاہ گردیزی امامت کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ اس امام بارگاہ میں مخصوصی مجالس ومحافل ۲۱ رمضان، ۱۳ رجب اور ۲۰ صفر کو منعقد ہوتی ہیں۔ اس امام بارگاہ سے ۸ محرم کو جلوس علم، ۱۰ محرم کو جلوس علم، ذوالجناح اور تعزیہ برآمد ہوتے ہیں۔ یہ جلوس کہوٹہ روڈ سے گذر کر امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتے ہیں۔ جلوس لائسنس یافتہ ہیں جو مظہر حسین حیدری ولد محمد اشرف حیدری کے نام ہیں۔ آج کل پرویز حسین حیدری ولد محمد اشرف حیدری مسجد وامام بارگاہ کے منتظم ہیں۔

شاہ اللہ دتہ

68 جامع مسجد اثنا عشری

موضع شاہ اللہ دتہ، تحصیل وضلع اسلام آباد

خطیب: مولانا سید محمد سبطین شیرازی

تاریخی حوالہ جات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت شاہ اللہ دتہ نقوی البھاکری ۱۰۵۶ھ بمطابق ۱۶۴۶ء میں اس موضع میں تشریف لائے اور ۱۰۶۰ھ بمطابق ۱۶۵۰ء میں انہوں نے اس مسجد کی بنیاد رکھی۔ اس کا کل رقبہ ایک کنال کے لگ بھگ ہے۔ اس مسجد کی تعمیر نو اور توسیع ۱۶ اپریل ۱۹۲۰ء کو سید امیر حیدر شاہ مرحوم نے کروائی اور مسجد میں نہائت خوبصورت انداز میں کلمہ طیبہ بھی کندہ کروادیا۔ اس مسجد کی تعمیر جدید ۱۹۸۲ء میں سید علی اقدس نقوی کی سربراہی میں کروائی

گئی۔ یہاں پر بچوں کی دینی تعلیم کا اہتمام بھی موجود ہے۔ مسجد کمیٹی اثنا عشری اس مسجد کے امور چلا رہی ہے۔

69 علیؑ مسجد

شاہ اللہ دتہ، تحصیل و ضلع اسلام آباد

یہ بہت قدیم مسجد ہے جو تمام اہلِ دیہہ نے مل کر بنوائی تھی۔ اس کا کل رقبہ ۱۰ مرلے ہے۔ اس وقت یہ مسجد نشیب میں واقع تھی، پھر ۱۹۸۲ء سید عنائت حسین شاہ مرحوم کی سربراہی میں سادات و مومنین کے تعاون سے اس کی تعمیر نو کی گئی۔

70 قدیمی امام بارگاہ

شاہ اللہ دتہ، تحصیل و ضلع اسلام آباد

یہ امام بارگاہ مزار شاہ اللہ دتہ اور قبرستان سادات کے درمیان واقع ہے۔ اس امام بارگاہ کی تعمیر اول بڑی قدیم ہے جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ جب ۱۹۲۳ء میں حکومت نے لائسنس عزاداری جاری کیا تو یہ امام بارگاہ اس سے پہلے موجود تھی۔ البتہ اس کی تعمیر نو ۱۹۵۶ء میں کی گئی۔ اس امام بارگاہ کا کل رقبہ اڑھائی کنال ہے۔ ۱۹۹۱ء میں اس امام بارگاہ میں سید مشتاق حسین شاہ کی زوجہ مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لئے ایک برآمدہ تعمیر کیا گیا۔ اس امام بارگاہ میں تقریباً ایک ہزار افراد کے بیٹھنے کی گنجائش موجود ہے۔

یہاں پر عشرۂ محرم الحرام عرصۂ قدیم سے منایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ چہلم امام حسینؑ اور ایام شہادت حضرت علیؑ، سیدۂ کونینؑ، امام حسنؑ، اور امام زین العابدینؑ بھی منائے جاتے ہیں۔ عشرہ محرم کی مجالس رات ۹ بجے شروع ہوتی ہیں جبکہ باقی مجالس دن کے ۱۰ بجے منعقد ہوتی ہیں۔ علاوہ ازیں یہاں پر خواتین کی مجالس بھی منعقد ہوتی ہیں اور اکثر و بیشتر ایصالِ ثواب کی مجالس کے انعقاد کے علاوہ بھی مجالس عزا کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ اس مقام پر ہر سال یکم محرم کو جلوس عزادار بار سے نکل کر امام بارگاہ میں آتا ہے اور اس کے بعد عشرہ محرم کے باقاعدہ پروگرام شروع ہوتے ہیں۔

یہاں پر عشرۂ محرم الحرام، چہلم اور شہادت معصومین علیہم السلام کے موقع پر جلوس ہائے عزا نکالے جاتے ہیں۔ ۱۰ محرم الحرام کا جلوس لائسنس یافتہ ہے۔ یہ لائسنس پہلے سید عنائت حسین شاہ نمبردار مرحوم کے پاس تھا اور اب ان کے فرزند سید ذوالفقار حسین شاہ نمبردار کے نام ہے۔ جبکہ بقیہ روایتی ہیں۔ یہ جلوس خانہ ہائے سادات سے نکل کر امام بارگاہ سے ہوتے ہوئے کربلا شاہ اللہ دتہ پر اختتام پذیر ہوتے ہیں۔ ۱۹۸۸ء میں چند شرپسندوں نے جلوس عزا پر حملہ کر دیا تھا لیکن اللہ کے کرم سے شرکائے جلوس کو کوئی نقصان نہیں پہنچا بلکہ شرپسند حملہ آوروں کا ہی ایک آدمی ہلاک ہو گیا تھا۔

اس امام بارگاہ سے ملحق قدیمی قبرستان سادات عظام بھی ہے اور اس کے ساتھ ہی گلشن شہداء واقع ہے جس میں ۱۹۹۴ء میں کھاریاں کے نزدیک جامِ شہادت نوش کرنے والے ۷ شہداء کی قبور ہیں۔ ان شہداء میں سید زوار حسین شاہ ولد سید فیض اکبر شاہ، سید شوکت حسین شاہ ولد سید صادق حسین شاہ، سید مبشر حسین شاہ ولد سید کرامت حسین شاہ، سید عقیل عباس شاہ ولد سید الطاف حسین شاہ، سید شہزاد حسین شاہ ولد سید غلام حیدر شاہ، چمن علی ولد سبز علی اور قمر علی ولد خاکی حسین شامل ہیں۔ ان قبور پر عالی شان گنبد بھی تعمیر کیا گیا ہے۔

انجمن غلامان عباس، انجمن سجادیہ اور تنظیم تحریک عمل شاہ اللہ دتہ اس امام بارگاہ کے انتظام کو سنبھالے ہوئے ہیں۔

71 مزار حضرت شاہ اللہ دتہ نقوی البھاکریؒ

شاہ اللہ دتہ، تحصیل وضلع اسلام آباد

آپ کی پیدائش بھکر نزد سکھر (سندھ) میں ہوئی۔ آپ امام علی نقیؑ کی اولاد میں سے تھے۔ ان کے بزرگ مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ سے ہجرت کر کے ایران اور افغانستان تشریف لائے اور افغانستان کے صوبہ کنڑ میں رہائش پذیر ہوئے۔ یہاں سے اس خاندان کے سربراہ سید بدرالدینؒ بھکر نزد سکھر سندھ تشریف لائے۔ سید بدرالدین کا مزار دریائے سندھ کے کنارے واقع ہے۔ یہاں سے شاہ اللہ دتہ اپنے بھتیجے سید رحمت اللہ ولد سید ابوبکر جو آپ کے داماد بھی تھے کے ہمراہ ۱۰۵۶ھ میں اس موضع میں تشریف لائے اور یہیں پر انتقال فرمایا۔ اس گاؤں میں آپ کے مزار کے علاوہ آپ کے داماد کا بھی مزار موجود ہے۔ شاہ اللہ دتہ کے بھائی حضرت سید صفدر المعروف سید شاہ فتح خان کا مزار ٹیکسلا میں موجود ہے۔ ان کی اولاد موضع شاہ اللہ دتہ، برکت، بڈھانہ خورد اور راولپنڈی کے محلہ امام بارگاہ اور نیو کٹاریاں میں رہائش پذیر ہے۔

صاحبِ مزار کی وجہ سے اس گاؤں کا نام بھی شاہ اللہ دتہ ہو گیا۔ نیز اس گاؤں سے ایک سڑک براستہ باغ سرداراں جامع مسجد روڈ راولپنڈی جاتی ہے، اس سڑک کا نام بھی شاہ اللہ دتہ روڈ ہے۔ یہ نام باقاعدہ میونسپلٹی کے ریکارڈ میں موجود ہے۔

شاہ صاحب کے مزار کا رقبہ ۲۰ کنال ہے۔ یہاں پر ہر سال عرس منایا جاتا ہے۔ جس میں مختلف نعت خواں شرکت کرتے ہیں۔ اس مزار کے ساتھ امام بارگاہ بھی ملحق ہے۔

اس خاندان کا شجرۂ نسب پہلے شجرہ خواں نذر حسین جعفری کے پاس تھا اور اس وقت کرنل سید رضا حسین شاہ آف ٹیکسلا کے پاس موجود ہے۔

شکریال

72 مرکزی جامع مسجد القائمؑ

اسلام آباد ہائی وے، شکریال، تحصیل وضلع اسلام آباد

اس مسجد کی تعمیر قیام پاکستان سے قبل ہوئی۔ اس کا کل رقبہ ایک کنال اڑھائی مرلے ہے۔ نمازِ جمعہ باقاعدگی سے ادا ہوتی ہے۔ اس مسجد کے آس پاس کی آبادی میں تقریباً پانچ چھ سو مومنین گھرانے آباد ہیں۔ مولانا رحمت علی خطابت کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ سید عجب حسین کاظمی انجمن القائم کے زیرِ اہتمام اس کے انتظام کو چلا رہے ہیں۔

73 امام بارگاہ قصرِ سکینہ بنت حسینؑ

شکریال، تحصیل وضلع اسلام آباد

051-4427898

یہ امام بارگاہ قبل ازیں امام بارگاہ حیدری کے نام سے پہچانی جاتی تھی لیکن گذشتہ سال (محرم ۲۰۰۰ء بمطابق ۱۴۲۱ھ) میں امام بارگاہ کی انتظامیہ نے سابقہ نام تبدیل کر کے امام بارگاہ کا نام قصرِ سکینہؑ بنت حسینؑ رکھ دیا۔ اس امام بارگاہ کے لئے سب سے پہلے سائیں محمد احمد المعروف حکم داد کے ماموں سائیں مسکین مرحوم نے اپنا ذاتی مکان وقف کیا۔ بعد ازاں مزید رقبہ بھی حاصل کیا گیا۔ اس وقت امام بارگاہ کا موجودہ رقبہ تقریباً ایک کنال تین مرلے ہے۔ اس امام بارگاہ کی پہلی تعمیر تقریباً ۵۰ برس قبل ہوئی جبکہ تعمیرِ نو گذشتہ سال ہوئی ہے۔ تعمیرِ نو میں مظہر حسین قریشی اور سید شفاعت حسین شاہ کا خصوصی تعاون شامل رہا۔

اس امام بارگاہ میں عزاداری کا سلسلہ قیام پاکستان سے قبل شروع ہو چکا تھا۔ عزاداری کے بانی اور لائسنس دار سید اکبر شاہ ہیں جبکہ عشرۂ محرم الحرام سید عجب حسین کاظمی اور سید خادم حسین شاہ انجمن القائم کے زیرِ اہتمام منعقد کرواتے ہیں۔

اس مقام پر بہت سے جلوس عزا برآمد ہوتے ہیں۔ ۶ محرم کو جلوس علم بعد از نماز مغربین سید محمد کونین شاہ کے گھر سے برآمد ہو کر سید ذوالفقار حسین شاہ اور نمبردار حاکم خان کے گھروں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔

۹ محرم (شب عاشور) کو جلوس ذوالجناح بعد از نماز مغربین سید محمد شاہ کے گھر سے برآمد ہوتا ہے۔ ۲۴ محرم کو ایک جلوس بعد نماز ظہرین جلیل حیدری کے گھر سے نکل کر سید ذوالفقار حسین شاہ اور نمبردار حاکم خان کے گھروں سے نکلنے والے ذوالجناح کے مرکزی جلوس میں شامل ہو کر براستہ اسلام آباد ہائی وے امام بارگاہ مذکورہ میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔ یہ جلوس

لائسنس یافتہ ہے۔۲۵ محرم کو سارا دن مجلس عزا منعقد ہوتی ہے جبکہ نماز ظہرین کے وقت سید محمد شاہ کے گھر سے جلوس ذوالجناح بھی برآمد ہوتا ہے۔۱۵ صفر کو ایک جلوس بعد نماز مغربین سید پرویز حیدر نقوی مرحوم کے گھر سے برآمد ہو کر براستہ کری روڈ ساہی ہاؤس سے گزر کر غازی خان کے گھر سے ہوتا ہوا مرکزی امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔۱۵ صفر کو ایک جلوس بعد نماز مغربین حاجی محمد ازرم قریشی کے گھر سے برآمد ہو کر امام بارگاہ سید فضل حسین شاہ میں اختتام پذیر ہوتا ہے جبکہ ۱۶ صفر کو ایک جلوس علم سید شفاعت حسین شاہ کے گھر سے برآمد ہو کر سید عجب حسین کاظمی اور سید عظمت حسین شاہ کے گھروں سے ہوتا ہوا مرکزی امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔۱۶ صفر ہی کو ایک جلوس ذوالجناح سید محمد شاہ کے گھر سے برآمد ہوتا ہے۔۱۶ صفر کو سارا دان مجلس عزا منعقد ہوتی ہے جس کے منتظم سید عجب حسین کاظمی ہیں۔۲۱ رمضان کو بسلسلہ شہادت حضرت امیر المومنینؑ عصر کے وقت ایک جلوس تابوت حضرت علیؑ سید محمد شاہ کے گھر سے نکل کر نماز مغربین کے قریب مرکزی امام بارگاہ میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔

(نوٹ: اسلام آباد ہائی وے پر راولپنڈی شہر کی طرف والا کچھ حصہ انتظامی طور پر ضلع اسلام آباد میں شامل ہے بنا بریں اس مسجد و امام بارگاہ کا شمار ضلع اسلام آباد میں ہوگا)

شیر دھمیال

76

مسجد

شیر دھمیال، یونین کونسل کرال، تحصیل و ضلع اسلام آباد

اس مسجد کی بنیاد ۵ سال قبل سید عنائت حسین شاہ مرحوم نے رکھی جبکہ بعد میں ان کے نواسے سید عاشق حسین کے عطیات سے اس کی تعمیر ہوئی۔اس کا کل رقبہ ۳ مرلے ہے۔

امام بارگاہ

7

شیر دھمیال، یونین کونسل کرال، تحصیل و ضلع اسلام آباد

اس امام بارگاہ کا کل رقبہ ۱ کنال ۲ مرلے ہے۔یہ تقریباً ۱۳ سال قبل تعمیر ہوا۔محرم میں مقامی طور پر عزاداری و ماتم کا اہتمام ہوتا ہے جبکہ اکتوبر کے پہلے اتوار کو مخصوص مجلس عزا ہوتی ہے۔یہ مجلس بھی امام بارگاہ کی تعمیر کے وقت سے جاری ہے۔مجلس والے دن جلوس بھی نکلتا ہے۔یہ جلوس روایتی ہے۔امام بارگاہ اور مجالس کے منتظم اعلیٰ جناب محمد اکبر مغل ہیں۔ان کے فرزند محمد رمضان بھی اس سلسلے میں ان کی معاونت کرتے ہیں۔اس گاؤں میں مومنین کے تقریباً ۱۵ گھر آباد ہیں۔

مذکورہ مجلس کے علاوہ بھی یہاں مجالس ہوتی ہیں۔ انہی میں سے ایک مجلس کے بانی سید عنائت حسین شاہ مرحوم کے نواسے سید احسان حیدر، دوسری مجلس کے بانی سید عباس علی شاہ، تیسری مجلس کے بانی سید عاشق حسین شاہ اور چوتھی مجلس کے بانی محمد اکبر ہیں۔

علی پور فراش

76

مدرسہ و مسجد قائم آلِ محمدؐ

علی پور فراش لہتر اڑ روڈ، اسلام آباد

